نامعلوم امور کے حیرت انگیز راز اور مفید قیمتی معلومات

ماہ اگست ۲۰۱۷ء

قیمت :- /۶۵ روپے

روحانی دنیا

اوج مریخ

فضائل واحکام عیدالضحیٰ

برنی
روزانہ کواکبی گائیڈ
2017

ہر روز کے نظرات معہ ان کے اثرات، مدت اثرات کواکب

ہر سعد و نحس نظر کا دورانیہ، کاروبار، فنانس، قانونی نکات، قمری دنوں کی مخصوص

سرگرمیاں، قمری عدم الحساب، ہر روز اپنے پروگرام ترتیب دیں

۳۶۵ دنوں کے

ہر دن کے اثرات،

عملیات کے اہم

مواقعوں سے

فائدہ اٹھائیں

اس تقویمی گائیڈ کی انفرادی خصوصیت یہ ہے کہ ڈائری کی طرح ہر صفحہ پر ۵ دن دیئے گئے ہیں تاکہ اس میں ہر خاص و عام بات لکھی جا سکے، پہلے سے اپنے پروگرام ترتیب دیں، کس دن کون سی خریداری کرنی ہو، شادی کب کریں، ملازمت کی درخواست کس دن یا نظر میں دینی ہے۔ پراپرٹی یا مکان کب خریدا یا بیچا جائے۔ لین دین، گفت و شنید، تحریری کام، پیشہ وارانہ کاروبار اور دیگر معاملات کب طے کئے جانے چاہئے، سفر کا دن کون سا بہتر ہے۔ ہر تاریخ میں اس دن کے نظرات، قمری دور، برج میں قمر کا داخلہ معہ وقت، برج میں کواکب کا داخلہ معہ وقت، ہجری و عیسوی تاریخیں، رجعت و استقامت، قمری خلل السیار شامل ہیں۔

قیمت کتاب:- /۲۰۰+ڈاک خرچ+منی آڈر فیس=۵۰+۷۵=- /۳۲۵ روپے کی وی پی ہوگی

E-mail: ruhanidunya@hotmail.com
Phone: 021-34949944

اوراق پبلشرز پی آئی بی کالونی کراچی نمبر ۷۴۸۰۰



شمارہ ھذا کے جملہ مضامین کے حقوق اشاعت محفوظ ھیں

علوم روحانی دینی دنیوی اور کائناتی معلومات کا خزانہ

جاری شدہ ۱۹۳۲ء
بیادگار حضرت کاش البرنیؒ

ماہنامہ روحانی دنیا

منیجنگ ایڈیٹر: حارث عثمانی البرنی

نائب مدیرہ: شازلی سعید مغل

بدل اشتراک

فی پرچہ:- / ۶۵ روپے سالانہ چندہ:- / ۸۰۰ بذریعہ رجسٹری:- / ۹۵۰ روپے
میل بذریعہ PDF سالانہ چندہ:- / ۱۴۰۰ روپے

غیر ممالک ایئر میل
ابوظہبی، دوبئی، بحرین، مسقط، ایران، کویت:- / ۳۲۰۰ روپے
افریقہ، برطانیہ، نیویارک (امریکہ) :- / ۴۲۰۰ روپے

جلد نمبر ۸۵

شمارہ نمبر ۴

ماہ اگست ۲۰۱۷ء

اس شمارے میں

۱	اسرار الٰہی	۳
۲	فضائل واحکام عید الضحیٰ	۵
۳	تثلیث زہرہ وزحل	۸
۴	اوج مریخ	۹
۵	علم نجوم برج کے پوشیدہ خواص	۱۰
۶	چاند وسورج گرہن	۱۲
۷	تسدیس زہرہ ومشتری	۱۴
۸	کشکول	۱۵
۹	طاعات	۱۶
۱۰	امراض ذہنی	۱۷
۱۱	کلینڈر ماہ اگست	۱۹
۱۲	کیا آپ کا برج اسد ہے؟	۲۰
۱۳	ماہ اگست کیسا گذرے گا؟	۲۳
۱۴	ماہ اگست کے ستارے	۳۴
۱۵	نظرات کواکب بمعہ عملی ہدایات	۳۵
۱۶	رجعت عطارد	۳۹

فون پر رابطہ کریں صبح ۱۱ بجے سے شام ۳ بجے تک

رابطہ دفتر

فون نمبر: 021-34949944
021-32018699
0333-7202964

ای میل: ruhanidunya@hotmail.com
ruhanidunya@yahoo.com
Web site: www.ruhanidunya.com

- منیجر سرکولیشن سہیل احمد
- کمپوزنگ اصغر نظامی

خط وکتابت وترسیل زر کا پتہ: منیجر رسالہ روحانی دنیا، ابراہیم مارکیٹ، پیر الٰہی بخش کالونی، کراچی ۷۴۸۰۰

RUHANI DUNYA ESSENTIAL OIL

نام اردو	English	ML	RATE
کالی تلسی	BASIL OIL	30	650.00
ترنج	BERGAMOT OIL	30	600.00
لوبان	BENZION OIL	30	800.00
سیاہ زیرہ	CARAWAY OIL	30	550.00
الائچی	CARDOMOM OIL	30	600.00
دیار دیودار	CEDARWOOD OIL	30	500.00
کافور	CHAMPHOR OIL	30	650.00
ساج	CLARY SAGE OIL	30	1600.00
دارچینی	CINNAMON OIL	30	700.00
لونگ	CLOVE OIL	30	400.00
یوکلپٹس	EUCALYPTUS OIL	30	400.00
بارزد بریجا	GALBANUM OIL	30	1500.00
گل شمدانی	GERANIUM OIL	30	1500.00
گل شمدانی	GERANIUM (Natural) (T/L)	30	3000.00
لیونڈر	LAVENDER OIL	30	450.00
لیمون	LEMON OIL	30	450.00
اذخر	LEMON GRASS OIL	30	400.00
عرق لیموں	LIME OIL	30	460.00
مشک	MUSK OIL	30	800.00
نارنگی شریں	ORANGE SWEET OIL	30	350.00
ارنڈی کی قسم	PALMA ROSA OIL	30	800.00
نعناع ہندی	PATCHOULY OIL	30	980.00
نعناع ہندی قدرتی	PATCHOULY OIL(Natural)	30	1880.00
نارنگی تلخ	PETIT GRAIN OIL	30	850.00
فل فل پودینا	PEPPERMINT MenthalOIL	30	450.00
فل فل پودینا سادہ	PEPPERMINT OIL	30	350.00
صنوبر	PINE OIL	30	400.00
روزمیری	ROSEMARY OIL	30	580.00
چوب صندل	SANDAL WOOD OIL	30	12500.00
ساسافارس	SASA FARAS OIL	30	960.00
خس خس	VETIVERT OIL	30	1800.00
یلینگ یلینگ	YLANG YLANG	30	2280.00
گٹھیا اور جوڑوں کے درد کے لئے	**Arthritis & Joints Pain Oil**	125	600.00
اعضاء اور نسوں کے کھچاؤ کے لئے	**Muscular Pain Relief Oil**	125	800.00

روحانی دنیا
ماہ اگست ۲۰۱۷ء

اسرار الٰہی

حاضرین کرام! روحانی شعاعیں اپنے عالم میں حرکت پذیر ہیں اور اس کا عالم وہ دربار ہے جہاں اشارہ امر جاری ہوتا ہے پھر خزانہ سرّ سے نکل کر محفل جھر میں اس کا ظہور ہوتا ہے- اور اس کے ظہور کے بعد روحانی ابھام کی چمک اس سے ختم ہو جاتی ہے اور اس پر مشاہد و قابل ادراک سب کا پردہ ڈال دیا جاتا ہے- چنانچہ اہل حجاب سبب کے ساتھ ٹھہر جاتے ہیں اور اہل نور اس سبب کا مشاہدہ کرتے ہیں جس میں خدائی اشارے پوشیدہ ہوتے ہیں اور گمراہ اہلِ ریاضت یکسوئی و جمع ہمت کے مقام کو پہنچتے ہیں تو ان پر اس کا اثر ظاہر ہوتا ہے- یعنی روحانی پرواز کا کرشمہ اسی دربار میں جو کہ عالم ارواح ہے- اس میں دعوائے تصرف کر بیٹھتے ہیں- حالانکہ ان کو یہ کہاں نصیب اگر ایسا ہوتا تو ان کا عزم و حوصلہ ان پر نا کام نہ کر دیا جاتا اور انہیں خدا کے جاری شدہ اشارے کے حکم جان لینے کا راز معلوم ہو جاتا خواہ اپنی جمع ہمت و یکسوئی سے یا دوسرے ذریعہ اور ہاں یہ اس امت محمدیہ کے خواص میں ہے روحانی ترقیات والے لوگوں کی شان ہے- اللہ کے نام سے اور تدبیر و قوت صرف اللہ کے اختیار میں ہے- اے حاضرین اور غیر حاضرین- اے شہسوارو' اے رہنماؤ' اے فقہا' اے فقراء' اے خواص' اے عوام یہ ایسی محفل ہے جس میں لغو نہیں عقل کریم کے کان اور قلب سلیم کے فہم سے غور سے سنو تم اس کی بساط پر ہو یہ تمہاری عقل و قلب پر رحمت و کرم کا بادل برسا رہی ہے اور اس کے سامنے برکتوں اور نعمتوں کا خوان چن رہی ہے- تم ایسے محل میں ہو جس کی فوج غیبی واردات ہیں اور جس کے خواص سماوی پیغامات ہیں اور اس کا حاکم ربانی امر ہے- جس میں کسی کس و ناکس کی فضول بات اور ناقص رائے کا کوئی دخل نہیں- نازل کی گئی کتاب کے اور حبیب مرسل کے مقاصد کی حکمتیں لسان اضافہ کے ذریعہ مجھ پر املاء کی جاتی ہیں اور بطریق توسط میرے ذریعہ تم پر املاء کی جاتی ہیں اور میں اسی سلسلہ میں محکومیت کے درجہ میں تم جیسا ہوں میرے تمہارے درمیان کوئی فرق نہیں ہے- اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب علیہ اجل صلوٰۃ و اعظم تحیاتہ سے ارشاد فرمایا- قل انما انا بشر مثلکم آپ فرما دیجئے کہ میں تم جیسا ایک بشر ہوں- یہ مقام عبدیت کو بلند کرنے اور خوان انسیت کو دراز کرنے کے لئے ہے- ورنہ آپ کے سر مبارک پر آپ کی قدر و رتبہ کی تعظیم اور آپ کی شان عظمت کو بلند کرنے کے لئے اپنے اس فرمان کا جھنڈا لہرایا یوحیٰ الی میری طرف وحی کی جاتی ہے- اس طرح آپ اور آپ کی امت کے ہر فرد بشر کے درمیان فرق و امتیاز کی وسعت سامنے آئی- چنانچہ وہ فرق و امتیاز کے مرتبہ والے ہیں- ورنہ ہم لوگوں کے درمیان بجز طاقتور بصیرت اور حائل حجاب کے کوئی فرق نہیں اور ان دونوں چیزوں سے ایسا فرق حاصل نہیں ہوتا جو مبصر و محبوب کے درمیان مناسبت کو یکسر ختم کر دے- کیونکہ تبدیلی حالت اس ذات کے سامنے کوئی حقیقت نہیں رکھتی جو (کل یوم ھوفی شان (سورہ رحمٰن ۲۹) وہ ہر دن ایک نرالی شان میں ہوتا ہے) سے متصف ہو- چنانچہ اس لگام نے مدعین کے زعم کو ترفع و تعلیٰ سے روک دیا ہے اور عارفین کو تحصیل و عطاء کے سلسلہ میں ادب و خدمت کا درجہ دیا- لہذا وہ قدسی حکمتوں کے عام کرنے والے کی حکمتوں کے دروازے ہیں اور انسانی گروہ تک اس کی طرف سے پیغام رسانی کے واسطہ ہیں اور وہ (نبی کریم ﷺ) امین و مامون (ن و القلم وما یسطرون (سورہ قلم ۱) ن قسم ہے قلم کی جو کچھ وہ لکھتے ہیں) کے راز دار ہیں اور انہیں تمام بنی آدم کے ہر فرد بشر پر دست سبقت و رفعت حاصل ہے وما ارسلناك الارحمة للعالمين (سورہ انبیاء ۱۰۷) اور ہم نے آپ کو تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا ہے- کی شان حاصل ہے اور آپ کے منکر کے سامنے عقلی دلائل کے کھلے روشن شواہد موجود ہیں- چنانچہ کسی بھی نبی مرسل کا کوئی اخلاق نہیں ملے گا- معزز مقرب کی کوئی خصلت نہیں سنو گے- مگر اس عظیم سردار کے اخلاق سب سے بڑھ کر اور اس کی خصلت سب سے اعلیٰ و ارفع ہو گی-

لوح زحل

استحکام و جمعیت کی روحانیت

تسخیر سلطنت وفتوحات، ناموری، حکمت اور قیام واستحکام مرتبہ کے لئے مؤثر وقت

ستارہ زحل کو ترفع اور تنزل سے منسوب کیا جاتا ہے۔ جب یہ سعد ہوتا ہے تو اعلیٰ مرتبہ اور اختیارات دیتا ہے نحس ہونے کی صورت میں مصائب و آلام خوف اور ڈر کا سبق دیتا ہے۔ زحل کی نحوست سے ہر شخص زندگی میں کسی نہ کسی طرح ضرور متاثر ہوتا ہے۔ یاد رکھیئے یہ دنیا اسباب کی ہے۔ ایسا سبب ضرور تلاش کرنا چاہئے جو انسان کو مصائب سے بچائے۔ اُس کے مرتبے کو استحکام دے اور عظمت حاصل ہو۔ دنیوی مقام کے ساتھ ساتھ وہ مقام جہاں انسان ہر جگہ لاچار ہو جائے تو وہاں ایک اور سبب کو اختیار کرنا ہے وہ سبب روحانی علوم سے استمداد حاصل کرنا ہے۔ ان علوم میں خاص امتزاجی حالت سے ایسی الواح تیار کی جاتی ہے جو ذرائع اور اسباب لاتی ہیں جس سے بدقسمتی خوش قسمتی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ ان الواح میں سے ایک لوح زحل کی بھی ہے۔ جس کے خواص مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ نحوست زحل خواہ وقتی ہو یا پیدائشی لوح کی برکت سے رفع ہوتی ہے۔

۲۔ نحوست کے بعد جلد اسباب بنانے کے لئے لوح بے انتہا موثر ثابت ہوگی۔

۳۔ تسلط برخلق اور استحکام کے لئے کہ تنزلی نہ ہو۔

۴۔ حصول جائیداد یا جن کے پاس جائیداد نہ ٹھہرتی ہو یا زمیندار ہوں اور چاہتے ہوں کہ عزت اور جائیداد کا قیام دیتا ہے۔

۵۔ تعمیر مکان کے وقت اگر بنیاد میں رکھیں تو مضرات سے محفوظ اور مکینوں کے لئے خوشحالی رہے۔

۶۔ خلقت میں ناموری، تسخیر سلطنت، حصول مرتبہ، خلقت پر بزرگی، الیکشن میں کامیابی کے لئے۔

۷۔ وہ کاروباری افراد جن کی بڑی بڑی ملیں یا فرمیں ہیں یا جن کے ماتحت بہت ملازمین کام کرتے ہوں۔ چاہیں کہ قیام مرتبہ اور غلبہ برمخلوق رہے۔ یہ لوح مؤثر ہے۔

خوش قسمتی اور بدقسمتی دونوں انسان کے ساتھ ہیں۔ خوش قسمتی کو سبب سے حاصل کیا جاسکتا ہے اور بدقسمتی کو سبب سے دور کیا جاسکتا ہے۔ حقیقتاً یہ رعایت خدا نے انسان کو دی ہے اس سے فائدہ اٹھانا یا نہ اُٹھانا انسان کا ذاتی کام ہے۔ کیونکہ اُس نے اسباب کے طریقے بھی سکھائے اور علم بھی دیا۔

زحل سے متعلق اسباب کو اختیار کرنے کے لئے چاندی کی لوح اور خاص اوقات میں اس لوح کے نقوش اس پر اُتارنے ہوں گے پھر اگر اس لوح کو پاس رکھا جائے تو ایک مخفی اثر رکھنے والی باقوت چیز آپ کی زندگی کو بدل دے گی۔ جلد یا بدیر اُس کے اثرات خود دیکھیں گے۔ لازماً دوسروں سے آپ اپنے اپ کو مختلف قوت اور خوشی کا مالک پائیں گے۔

جو لوگ دفتر سے لینا چاہیں تو لوح کا ہدیہ علاوہ محصول ڈاک کے ارسال کردیں۔ ہدیہ نام مع والدہ لکھیں۔

اب سختی کا وقت خصوصاً جوزا، سرطان، قوس، جدی کے لئے ہے اُن کو ضرور بنوانا چاہئے۔ باقی لوگوں کو آئندہ کے تحفظ کے لئے ضرور تیار کروانا چاہئے۔

اپنا نام معہ والدہ کا نام 0333-7202964 پر میسیج کریں۔ اور رقم منی آڈر حارث عثمانی البرنی کے نام کا ارسال کریں

(قسط۲)

حضرت شاہ نعمت اللہ ولیؒ

بادشاہ نے یہ حکم سید جلال کو بھیجا- سید جلال اس حکم سے بہت مکدر خاطر شاہ صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئے اور تمام قصہ عرض کیا- آپ نے فرمایا اچھا تمہارا تعلق بادشاہ سے ملازمت کا ہے- میں ترجمہ کردوں گا- لفظی ترجمہ حرف بہ حرف عبارت آسان میں بامحاورہ ہوگا- لیکن قرآن میں جہاں روایتیں طلب قصے ہیں- ان کی تشریح کروں یا نہ کروں- اس امر کو بادشاہ سے دریافت کرلینا-

جہانگیر نے جواب میں کہلا بھیجا کہ قصہ طلب مقامات کی تفسیر کی ضرورت نہیں ہے- لیکن ترجمہ کے حروف اصل قرآن کے حروف سے زیادہ نہ ہو-

حضرت شاہ نعمت صاحب نے ایسا ہی ترجمہ دو مہینے میں کیا اور اس ترجمہ کا نام' جہانگیری' رکھا- ترجمہ ایسا فارسی زباں میں تھا کہ فضلائے وقت نے دیکھ کر گردن جھکالی- ترجمہ بادشاہ کے سامنے پیش ہوا تو بادشاہ کو حضرت شاہ صاحب سے ملاقات کا شوق بڑھ گیا- سید جلال سے تاکید پر تاکید کی اور آخر غصہ میں سید جلال صاحب کی مدد و معاش کا معافی نامہ ضبط کرلیا کہ جب تک شاہ صاحب کو راضی کرکے ہمارے پاس نہ لاؤ گے- جاگیر ضبط رہے گی- حضرت سید جلال صاحب مکدر گھر میں آئے اور شاہ صاحب سے تمام قصہ دربار کا بیان کیا- فرمایا اچھا اگر تمہارے کارسازی میری ذات پر موقوف ہے تو میں بادشاہ کے حضور میں چلوں گا- تم رنج نہ کرو- دھوپ سے چلے آئے ہو- تھوڑی دیر آرام کرو- ایک خدمت گار کو پنکھا جھلنے کا حکم دیا- سید جلال صاحب سوگئے تو آپ نے قلمدان اٹھا کر سید جلال صاحب کے نام خط لکھا-

جناب من' میں تمہاری ہر مشکل اور مہم کا غوث الثقلین کی طرف سے ذمہ دار ہوں- تمہارے کام مطابق خواہش کے بن جائیں گے- مجھ کو اپنا معین سمجھو- کچھ وسوسہ دل میں نہ لانا- اب ہم رخصت ہوتے ہیں- حشر میں ملاقات ہوگی- فقیر نعمت اللہ- رقعہ قلمدان میں رکھ کر آپ صحراء کو نکل کھڑے ہوئے- مدت تک سیاحت میں رہے- پھر بحکم پیر صاحب کے فیروز آباد تبلیغ اسلام کرنے لگے-

سید جلال صاحب کو بہت صدمہ ہوا- شاہ صاحب کو بہت ڈھونڈا کہیں پتا نہ ملا- شاہ صاحب نے خط روز ایک مرتبہ پڑھتے اور زار و قطار روتے تھے-

شاہ نعمت اللہ صاحب ایک مرتبہ پھر اس گاؤں میں آئے جہاں ایک پنساری لڑکی نے پانی پلایا تھا اور آپ نے دعا دی تھی- دیکھا تو وہاں ایک نفیس عمارت بنی ہوئی ہے اور پنساری کا چھپر محل سے بدل گیا ہے- شاہ صاحب کو پہچان کر ایک عورت نے اس لڑکی کو اطلاع دی وہ خبر سنتے ہی اپنے محل سے نفیس پوشاک پہنے سر و پا برہنہ دوڑی آئی- قدموں پر گر پڑی اور منت سے کہا کہ غریب خانہ پر کرم بخشی کیجئے- میرا شوہر شکار پر گیا ہے وہ بھی حاضر ہو کر قدمبوسی حاصل کرے گا- مدت سے آنکھیں ڈھونڈتی تھیں- ہم کو جو کچھ ملا- آپ کی بدولت ملا- آپ نے فرمایا- بس بابا تم کو خوش دیکھ لیا- اب فقیر ٹھہر نہیں سکتا- ہر چند منت کی قبول نہ فرمایا- آخر مجبور ہو کر اس نے کہا تھوڑی دیر یہاں ٹھہریئے میں ابھی آتی ہوں- یہ کہہ کر گھر میں گئی سو روپے کی تھیلی اور اپنی لڑکے کو گود میں لے کر حاضر ہوئی- لڑکے کو قدموں میں ڈال دیا اور روپیہ بطریق نذر پیش کرکے عرض کیا- جو کچھ ہمارے پاس ہے آپ کے طفیل ہے- ہم خدمت کو حاضر ہیں- آپ قیام نہیں فرماتے تو اس قلیل رقم کو راستے کے خرچ کے لئے قبول فرمایئے- آپ نے کہا میں نے تمہارے روپے قبول کئے اور یہ میری طرف سے اپنے لڑکے کو دے دو- جب اس نے زیادہ اصرار کیا تو ایک روپیہ لے کر اسی محلّہ کے تکیہ دار فقیر کو دے دیا-

ایک روز آپ جنگل کو جارہے تھے ایک شیر سامنے دکھائی دیا- آپ ٹھہر گئے اور فرمایا- اے یار عزیز! اگر مشیت ایزدی یہی ہے- فقیر حاضر ہے- مطابق حکم کے عمل کر اور اگر ابھی حکم نہیں تو اپنی راہ لے اور مجھ کو راستہ دے- شیر ایک طرف کو جست کرتا چلا گیا-

سخت گرمی کے زمانہ میں سر و پا برہنہ ایک درخت سایہ دار کے نیچے آپ مراقبے میں مشغول تھے- ایک کالا سانپ آپ کے پاؤں پر سر رکھ کر سو رہا- آپ نے اس معاملے کو دیکھا اور پھر مراقبے میں مشغول ہوگئے- سانپ کچھ دیر کے بعد کہیں چلا گیا- کچھ دنوں فیروز پور میں قیام رہا- پھر بعض اور علاقوں سے ہوتے ہوئے بہار میں قیام فرمایا- یہاں سے کود میں آئے وہاں سے قریب ٹانڈے میں دو بزرگ تھے- ایک شاہ کرم اللہ- دوسرے میر سید احمد بالتی پوری' شاہ کرم اللہ ظاہری دولت اور عزت بہت کچھ رکھتے تھے- سولہ ہاتھی دروازے پر جھولتے رہتے تھے- اگر کوئی اہل غرض غریب عاجز مظلوم آتا اور کہتا میرا کام فلاں حاکم سے پڑا ہے- اگر حضرت سفارش کریں تو کام بن جائے- آپ فوراً جاتے اور اس کے کام میں کوشش کرتے-

سید احمد محبت الٰہی میں مستغرق تھے- اپنی خانقاہ کے حجرے سے باہر نہیں آتے تھے- دونوں درویش اپنا مثل نہ رکھتے تھے- ایک روز شاہ کرم اللہ نے اپنے دوستوں کے جلسے میں بلند آواز سے کہا آج ہم دونوں صاحب ولایت کا تغیر ہوگیا اور ایک شخص ہماری جگہ پر آتا ہے- لوگوں نے پوچھا کب تک آئیں گے- آپ نے کہا بہت جلد آنے والے ہیں- چند روز کے بعد ایک دن آپ نے کہا صاحب ولایت آج گنگا کے کنارے پہنچ گیا ہے- ہم پیشوائی کو جاتے ہیں- لوگ ساتھ ہولئے- جب دریا کے کنارے پر پہنچے- لوگوں نے پوچھا وہ کون آدمی ہے- آپ نے فرمایا سامنے جو کشتی آرہی ہے اس پر سوار ہیں- جب کشتی نزدیک آئی سب سے پہلے شاہ کرم اللہ سے دست بوسی کی سعادت حاصل کی اور حضرت شاہ نعمت اللہ صاحب کو اپنی خانقاہ میں نہایت عزاز کے ساتھ لائے اور بہت تواضع اور تکریم کی- حضرت نے پوچھا میر سید احمد کہاں رہتے ہیں- شاہ کرم اللہ نے عرض کیا وہ مالتی پور میں قیام رکھتے ہیں حضرت نے فرمایا ہم دو تین روز کے بعد میر سید

احمد سے ملنے جاتے ہیں- جب مالتی پور میں میر سید احمد کے مکان پر پہنچے- میر سید احمد حجرے سے باہر آئے اور دوڑ کر بغل گیر ہوئے- مصافحہ کیا- مبارک بادی اور حضرت کو دست بدست حجرے میں لے گئے اور اس قدر خاطر کی کہ حضرت بہت دنوں تک وہاں رہے- بعد چند روز کے حضرت نے سیر کا قصد کیا- میر سید احمد صاحب نے فرمایا کہ میرا وقت قریب ہے میں چاہتا ہوں کہ نماز جنازہ آپ پڑھا کر جائیں- آپ نے کہا کیا مضائقہ ہے- فقیر نماز جنازہ کے وقت پہنچ جائے گا- یہ کہہ کر آپ شکار گر تشریف لے گئے- بعد چند روز کے میر سید احمد صاحب نے انتقال فرمایا اور وصیت کی کہ میرے جنازہ کی نماز کوئی نہ پڑھائے حضرت صاحب خود آکر پڑھائیں گے- جنازہ رکھا ہوا تھا اور قبر بھی تیار تھی کہ حضرت صاحب آ گئے- نماز جنازہ پڑھا کر دفن کیا اور متعلقین کو دلاسا دیا اور میر صاحب کے فرزند سید نظام شاہ کو سجادہ نشین کیا-

اور آپ میر صاحب کے خویش میر اسماعیل کے یہاں چلے گئے- بہت زمانہ تک وہاں قیام کیا- الہ داد خان افغانی حضرت کے مرید ہوئے اور خدمت پیر کی بہت کرتے تھے- فیروز پور کے قریب جنگل میں عہد سلف سے ایک تالاب تھا- اس کا پانی جو کوئی پیتا تھا مر جاتا تھا- وہ تالاب شاہ برج سے کوس بھر کے فاصلہ پر ہے- ایک روز حضرت نے فرمایا ہم اس تالاب پر جائیں گے اور معتقدین بھی ہمراہ ہو لئے- تالاب کے قریب پہنچ کر حضرت نے اللہ داد خان سے پوچھا- تمہارے پاس کچھ ہے- اس نے ایک روپیہ پیش کیا- فرمایا اس کے مزدور بلوا کر تھوڑی زمین ہمارے قیام کے لئے ہموار کر دو-

حسب ارشاد مزدور آئے- دوپہر کے بعد آپ نے کہا- اب سب لوگوں کو بھوک لگی ہوگی اسی روپیہ میں اوگرہ (ملی جلی پکائی ہوئی کھچڑی) کھلاؤ اوگرہ تیار ہوا تو آپ نے سب مزدوروں کو اور حاضرین کو کھلا دیا- شام کے وقت ایک دولت مند کشتی میں جا رہا تھا- اس نے خبر پائی کہ اس جنگل میں ایک درویش آیا ہے- کشتی سے اتر کر حضرت کی قدمبوسی کو آیا اور پانچ روپیہ نذر کئے- آپ نے فرمایا ایک روپیہ مزدوروں کو دے دو اور چار روپیہ میں عمدہ کھانا پکا کر سب کو کھلا دو- آپ کی برکت سے روز دور دور سے لوگ آتے تھے اور نذریں دیتے- جس قدر آمدنی ہوتی اتنا آپ خرچ رکھتے تھے- غیب سے روپیہ آتا تھا-

اسلام خان چشتی صوبہ دار جہانگیر نگر نے بیج رائے بھنڈاری کی صلاح سے بیس گاؤں وقف آپ کے نام کرنا چاہا- آپ نے انکار کیا- بہت اصرار سے وقف نامہ الہ داد خان کے حوالے کیا گیا- بیج رائے وقف کا افسر اور چودھری بنایا گیا اور یہ وقف ایک پرگنہ بائیس کا تھا-

مہابت خان نے ایک مرتبہ عرض کیا کہ مجھے قیافہ سے معلوم ہوا ہے کہ حضرت کی خانقاہ میں ہاتھی جھولیں گے اور آپ کا لشکر و حشم بہت ہوگا- وہ لوگ خوش نصیب ہیں جن کی نذر آپ قبول کر لیتے ہیں- مجھ بدنصیب کی آرزو کبھی پوری نہ ہوئی-

آپ نے فرمایا سید اسماعیل و داماد میر سید احمد مالتی پوری کی خانقاہ میں درویش بہت ہیں اور خانقاہ کی کوئی آمدنی نہیں ہے تو کچھ مدد معاش مقرر کر دو- مہابت خان نے ایک پروانہ معافی پرگنہ کا سید اسماعیل کے نام لکھ دیا اور ایک پروانہ جوگیر اس راجپوت جاگیردار کے نام دخل دھانی کا لکھ دیا-

مہابت خان کو بادشاہ نے اپنے پاس بلوایا اور ان کے بیٹے خانہ زاد خان کو صوبہ بنگال کا مقرر کیا- مہابت خان آپ سے رخصت ہونے آئے تو عرض کیا- حضرت کا غلام میری جگہ آئے گا- امیدوار ہوں کہ اس پر توجہ رہے کہ اپنے ہاتھ پاؤں بچا کر راست روی اختیار کرے- آپ نے فرمایا کہ اس کو ایک مہینہ پیشتر سے خطرناک واقعات کی اطلاع کر دوں گا- ماننا نہ ماننا اس کا کام ہے-

خانہ زاد خان نے چند روز میں حضور کے فیض صحبت سے اپنی طبیعت کا رنگ بدل دیا اور اچھا خاصا صوفی مشرب بن گیا-

حضرت ایک روز خانہ زاد خان کی بارہ دری میں رونق افروز تھے اور تنہائی میں نفس کشی کی ہدایت فرما رہے تھے کہ ایک پردیسی فقیر دیوڑھی پر آیا اور خانہ زاد سے ملنے کی آرزو کی (یہ بہت درویش پرست آدمی مشہور تھا) چوبدار نے خانصاب کو اطلاع کی- فرمایا اس کا نام پوچھو- درویش مکار آدمی تھا اور سن چکا تھا کہ حضرت صاحب قبلہ سے خانصاحب بہت حسن ظن ہے- (لیکن یہ خبر نہ تھی کہ حضرت کی قدمبوسی میں خانصاحب دن رات رہتے ہیں- نہ یہ معلوم تھا کہ اس وقت حضرت صاحب رونق افروز ہیں) کہا بابا مجھ کو فقیر سید نعمت اللہ کہتے ہیں- فیروز پور میں سائیں کا قیام رہتا ہے- چوبدار نے خانصاحب سے یہی الفاظ دہرا دیئے' خانصاحب غصے میں لال ہو گئے اور چاہا اس مکار کی اچھی طرح مرمت کریں کہ آئندہ کسی کو دھوکہ نہ دے- لیکن حضرت نے فرمایا کہ اخلاق محمدی سے بعید ہے- اللہ جانے بیچارہ کس ضرورت سے آیا ہے اور تمہارے حسن ظن کو دریافت کر کے ایسی حرکت کی کہ تم اس سے سلوک کرو- غریب اگر اپنا پیٹ پالنے کے واسطے جھوٹ بولتا ہے تو کیا نقصان ہے- اس کو بلوا کر نیک سلوک کرو-

حضرت کے ارشاد سے فقیر کو بلوایا- حضرت تعظیم کو کھڑے ہو گئے اپنے برابر مسند پر بٹھایا- نام پوچھا- کہا سید نعمت اللہ شاہ کہتے ہیں- فیروز پور میں خانقاہ بنوائی ہے- وہیں قیام ہے- حضرت نے کچھ اشارہ کیا- خانصاحب نے فوراً دو سو روپیہ منگوا کر شاہ صاحب کی نذر کیا- فقیر دعا دے کر رخصت-

خانزاد خان رسوخ اور عقیدت حضرت سے بہت زیادہ رکھتے تھے اور اکثر آپ کی خدمت میں حاضر رہتے تھے- ایک مرتبہ خانصاحب کی مدح میں قصیدہ فرمایا- جس میں ایک شعر میں ان کے تغیر کی اطلاع بھی تھی-

من در ہوایت اے گل خندان چو عندلیب
اے تو بنو بہار تماشائے دیگران

خانہ زاد خانصاحب نے یہ قصیدہ سن کر اس شعر پر کان کھڑے کئے اور اسی وقت متصدیوں کو حکم دیا کہ یہ شعر لکھ لو- ہمارا قیام اب یہاں غیر ممکن ہے- قریب ہے کہ بادشاہ طلب فرمائے- وہی ہوا کہ ایک مہینے کے اندر بادشاہ نے خانہ زاد خان کو اپنے پاس بلوا لیا-

آپ نے ارشاد فرمایا- تصوف نیک خوئی کا نام ہے- نفس امارہ اور حرص و ہوا کی غلامی سے آزادی پانا- باطل کے مقابلے میں جرأت و مردانگی دکھانا- دنیاوی تکلفات سے بے نیاز رہنا اور اسرار کی محفلوں سے کنارہ کش کرنا تصوف کا منشا و مدعا ہے-

فضائل واحکام عیدالضحیٰ

یہ مہینہ ذی الحجہ کا بڑی خیر و برکت کا مہینہ اشہر حرام ہے- اس مہینہ میں کثرت سے نفل، نماز، روزہ، تلاوت قرآن، تسبیح، تہلیل، تکبیر، صدقات و خیرات وغیرہ اعمال نیک کا بہت بڑا ثواب ہے- خصوصاً عشرہ اول ماہ ذی الحجہ کہ اس میں اعمال نیک کا ثواب جہاد سے بھی زیادہ ہے جہاں تک ہو سکے اس متبرک مہینہ میں کثرت سے نیک کام کرو اور برے کام سے اجتناب واحتیاط کرو، صحیح ابوعوانہ اور صحیح ابن حبان میں جابرؓ سے مروی ہے کہ عشرہ ذی الحجہ سے زیادہ کوئی دن افضل نہیں اور اس عشرہ کے نو دن روزہ رکھنے کے فضیلت میں ابوداؤد اور نسائی میں احادیث موجود ہیں- حضرت حفصہؓ فرماتی ہیں کہ جناب سرور دو عالم ﷺ چار باتوں کو ترک نہیں فرماتے تھے (۱) عشرہ محرم کا روزہ (۲) عشرہ ذی الحجہ کے روز یعنی نو دن کے اور (۳) ہر مہینہ کے تین روزے اور فجر کی سنتیں اور ان دس دنوں میں یوم عرفہ یعنی نویں ذوالحجہ کا دن تمام سال کے دنوں سے افضل ومتبرک ہے اور اس دن کا روزہ سنت ہے اور ایک برس گزشتہ اور ایک برس آئندہ کے گناہوں کا کفارہ ہوتا ہے- صحیح مسلم میں ابوقتادہؓ سے مروی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا صیام یوم عرفة احتسب علی ان یکفر السنة التی قبلة والسنة التی بعده، لیکن صرف حاجیوں کو اگر میدان عرفات میں ٹھہرنے اور ادعیہ اور اذکار کرنے میں روزہ رکھنے سے خوف ضعف ہو تو ان کو روزہ رکھنا مکروہ ہے اگر خوف ضعف نہ ہو تو مکروہ نہیں ہے- ۹،۸ ذی الحجہ کو روزہ رکھنا چاہئے-

جو شخص بطور فرض یا نفل قربانی کرنا چاہے اس کے لئے سنت ہے کہ عیدالضحیٰ کے دن قربانی کرنے کے بعد پھر خط وغیرہ بنوائے بال کتروائے-

یوم عرفہ یعنی ۹ ذی الحجہ کو نماز صبح کے بعد سے ۱۳ ذی الحجہ کے نماز عصر کے بعد تک ہر فرض نماز کے بعد متصل سلام تکبیر وتشریق ایک دفعہ پکار کر کہنا واجب ہے- خواہ مرد ہو یا عورت ہو یا مسافر ہو، خواہ نماز باجماعت ہو یا تنہا ہو- یہی روایت معتمد ومفتی ہے کہ بعد نماز عید کے ہی تکبیر کہنا مستحب ہے تکبیر تشریق یہ ہے- اللّٰہ اکبر اللّٰہ اکبر لاالٰہ الا اللّٰہ واللّٰہ اکبر اللّٰہ اکبر وللّٰہ الحمد-

۱۰ ذی الحجہ یعنی عیدالضحیٰ کو مسواک اور غسل کر کے اچھے کپڑے پہن کر خوشبو لگا کر بے کھانا کھائے یہ تکبیر کے بعد کھانا چاہئے- خواہ قربانی کرے یا نہ کرے- قربانی کرنے والے کو پہلے اپنی قربانی میں سے کھانا مستحب ہے- عیدگاہ کو پاپیادہ جانا بہتر ہے- سواری پر جانے میں کچھ ڈر نہیں- عیدگاہ میں بھی بیٹھ کر تکبیر پڑھتے رہنا بہتر ہے- نماز عید شہر سے باہر جنگل یعنی عیدگاہ میں سنت ہے اگر بچہ مسجد یا جامع مسجد ایسی وسیع ہو کہ جس میں سب آدمی آسکیں اگر بوجہ ضعف پیری یا مرض وغیرہ کے وہاں تک جانا مشکل ہو تو شہر کی مسجد میں بھی پڑھ لینا درست ہے اور یہ نماز عید واجب ہے اور وہ دو رکعت بے اذان و بے اقامتہ کے ہیں- نماز سے پہلے تکبیر تحریمہ ہے- دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھا کر پھر ہاتھ باندھ لیں اور سبحانك اللهم پڑھیں پھر دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھا کر تین تکبیریں اور کہیں اور ہر تکبیر کے درمیان بقدر تین مرتبہ سبحان اللہ کہنے کے سکوت کریں اور ہر تکبیر پر ہاتھ لٹکا دیں- تیسری تکبیر کے بعد ہاتھ باندھ لیں اور اب امام اعوذ اور بسم اللہ پڑھ کر بعد قرأت الحمد و سورہ کے رکعت پوری پڑھے اور دوسری رکعت میں فاتحہ وسورۃ پڑھنے کے بعد تین تکبیریں اسی طرح کہے جیسے پہلی رکعت میں کہی تھیں اور ہر تکبیر میں ہاتھ لٹکائے اور چوتھی تکبیر پر رکوع میں چلا جائے- اگر کسی شخص نے امام کو نماز عید کی پہلی رکعت میں بحالت قیام قرأت پڑھتے ہوئے پایا تو پہلے تکبیر تحریمہ اور پھر ہر سہ تکبیرات کہہ کر شامل جماعت ہو جائے اور اگر امام کو رکوع میں پایا تو تکبیر تحریر کے بعد ہر سہ تکبیرات عید بھی کہہ کر رکوع میں مل جائے اور اگر یہ سمجھے کہ تکبیرات عید کہتے کہتے رکوع فوت ہو جائے گا تو تکبیر تحریر کہہ کر رکوع میں مل جائے اور تکبیر تحریمہ کہہ کر رکوع میں مل جائے اور تکبیرات عید رکوع میں کہہ لے اور ان پر ہاتھ نہ اٹھائے- اگر امام تکبیرات عید کے پورا ہونے سے پہلے کھڑا ہو جائے تو یہ بھی امام کی متابعت کرے اور باقی تکبیرات اور تسبیح رکوع معاف ہو گئیں اور جس وقت امام رکوع پورا کر کے قومہ میں کھڑا ہوتا ہے اس وقت مقتدی جماعت میں ملے تو اب تکبیرات عید قومہ میں نہ کہے بلکہ جب اپنی گئی ہوئی رکعت پڑھے- اس وقت بعد اختتام قرأت کے تکبیرات کہہ لے اور اگر امام کے ساتھ دوسری رکعت میں شریک ہوا تو مقتدی اپنی پہلی رکعت فوت شدہ کے پڑھنے میں الحمد و سورۃ اول پڑھ کر پھر تکبیرات عید کہہ کر اپنی رکعت پوری کرے یعنی شروع رکعت پر قبل قرأت تکبیرات عید نہ کہے- پہلے قرأت پوری کرے پھر تکبیرات عید کہے تاکہ توالی تکبیرات لازم نہ آئیں- نماز کے بعد عید کا خطبہ بھی مثل خطبہ جمعہ کے خاموش بیٹھ کر سننا واجب ہے- اثناء خطبہ میں کھانا، پینا، باتیں کرنا جرم ہے بلکہ سلام کا جواب دینا یا تسبیح پڑھنا یا چھینکنے والے کو یرحمک اللہ کہنا بھی منع ہے- خواہ امام سے قریب ہو یا دور ہو- ہاں جناب سرور دو عالم ﷺ کا نام مبارک خطبہ میں لیا جائے تو چپکے سے درود شریف پڑھ لینا چاہئے اکثر دیہات اور شہر کے ناواقف مسلمان خطبہ سننے سے پہلے نماز کے بعد ہی کھڑے ہو جاتے ہیں اور باتیں اور شور وغل کرنے لگتے ہیں وہ تارک واجب اور گنہگار ہوتے ہیں مسلمانوں کو پابندی سے اس کی احتیاط ضروری ہے- آپ جس راستہ سے گئے تھے اس کے خلاف دوسرے راستہ سے آنا مستحب ہے-

تثلیث زہرہ و زحل

زہرہ و زحل کی تثلیث ۱۳ ستمبر کو صبح ۵ بجکر ۴۹ منٹ پر ہوگی یہ وقت میاں بیوی کے اندر ہونے والی طلاق یا جدائی کا سدباب کرے گا جہاں بھی ایسا اندیشہ ہو- وہاں یوں کریں کہ نام بیوی معہ والدہ یا نام خاوند معہ والدہ کے اعداد میں ۹۱۵۸ عدد شامل کر کے اس کی ایک مخمس پر کریں اور ایک نقش طالب اپنے پاس رکھے دوسرا نقش مطلوب کے تکیے میں سی دے-

اب میں مثال کے ذریعے سمجھاتا ہوں تاکہ عمل باآسانی سمجھ میں آجائے- میاں بیوی کے لئے عمل تیار کرنا ہو تو- طالب احمد بن سکینہ اور مطلوب ثریا بنت وحیدہ (طالب کے اعداد ۱۹۸ اور مطلوب کے اعداد ۷۴۴ ہوئے)-

طالب مطلوب کے اعداد میں ۹۱۵۸ کا اضافہ کیا کل عدد ۱۰۱۰۰ ہوئے- اب ان اعداد کو مخمس میں پر کریں مخمس پر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کل اعداد سے ۶۰ عدد تفریق کر کے ۵ پر تقسیم کردیں اور خانہ اول میں حاصل قسمت کو رکھ کر مقررہ چال سے لوح لکھیں- اگر کسر واقع ہو تو کسر ایک کے لئے خانہ ۲۱ میں، کسر ۲ ہو تو خانہ ۱۶ میں، کسر ۳ ہو تو خانہ ۱۱ میں، کسر ۴ ہو تو خانہ ۶ میں، ایک کا اضافہ کریں- نقش پر ہو جائے گا- نقش کو اس چال سے پر کریں-

۷	۱۳	۱۹	۲۰	۱
۲۰	۲۱	۲	۸	۱۴
۳	۹	۱۵	۱۶	۲۲
۱۱	۱۷	۲۳	۴	۱۰
۲۴	۵	۶	۱۲	۱۸

نقش پر کرنے کے بعد نقش کے نیچے یہ عزیمت لکھیں-

اللھم اجمع بینی وبین نام طالب معہ والدہ و نام مطلوب معہ والدہ یاجامع المنفردین بحق آیة پاك زین للناس حب الشھوت من النساء والبنین والقناطیر المقنطرة من الذھب والفضة والخیل المرمة والانعام والحرث ذالك مناع الحیوة الدنیا والله عنده حسن المآب

یہ سورۃ آل عمران کی چودھویں آیت ہے- ۲ عدد نقش لکھ کر استعمال میں لائیں-

اس عمل سے دو فرد جن میں ایک عورت اور ایک مرد اور ان کے تعلقات ٹوٹ رہے ہوں- مثلاً ماں اور بیٹا، بہن اور بھائی وغیرہ بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں مگر ان معاملات میں ۹۱۵۸ عدد شامل نہ کریں بلکہ ۳۷۹۹ عدد شامل کریں- انشاءاللہ گردش وقت یا حاسدوں کی ریشہ دوانیوں کے باوجود تعلق قائم رہے گا-

برنی تقویم ۲۰۱۷ء حاصل کرنے کے لیے میسیج کریں

قواعد عملیات

یہ کتاب ان لوگوں کے لئے بیش قیمت تحفہ ہے، جو عملیات کے شائق ہیں- اس کتاب میں تمام ضروری قواعد معہ تفصیل دیئے گئے ہیں- تاکہ کسی جگہ پیر استاد کی ضرورت محسوس ہو تو اس کی کمی کو پورا کیا جاسکے- اس میں بارہ باب ہیں-

(۱) لوازمات نقوش
(۲) چلہ کشی
(۳) حروف تہجی
(۴) عناصر
(۵) موکلات
(۶) تعویذات
(۷) جفری قوانین
(۸) زکات
(۹) قوانین نجوم
(۱۰) تعین اوقات
(۱۱) موثر اوقات عملیات وطلاسم
(۱۲) متفرقات

متفرقات ہی ایسا باب ہے کہ برسوں کی خدمت کے بعد بھی ایسے طریقے نہ ملیں اور نہ ان کا معاوضہ کوئی ادا کرسکتا ہے- ۱۲ ابواب

قیمت:- ۳۴۰ روپے

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

تعلقات

اس میں دلائل وحب وبغض دیئے گئے ہیں کہ کن کن افراد کے درمیان بلحاظ ستارہ، بلحاظ طالع دوستی یا دشمنی ہوتی ہے- اس کے ساتھ دو افراد میں جب شادی کا مسئلہ طے کرنا ہو تو یہ کتاب فیصلہ دے گی کہ فلاں فلاں کے درمیان ازدواجی سلسلہ کامیاب ہوگا یا ناکام طلاق ہوگی یا لڑتے جھگڑتے زندگی بسر ہوگی- بچوں کی زندگی کا فیصلہ کرتے وقت اس کتاب سے مشورہ کریں ہر گھر میں اس کا ہونا ضروری ہے-

(قیمت =/۱۵۰ روپے)

اوراق پبلشرز کراچی

اوج مریخ

اس سال مریخ درجہ اوج سے گزرے گا۔ مریخ درجہ اوج پر ۱۷ اگست ۶ بجکر ۳۰ منٹ شام سے ۱۹ اگست ۸ بجکر ۱۰ منٹ صبح تک رہے گا۔

پہلی ساعت بروز جمعرات ۹ بجکر ۵۰ منٹ سے ۱۰ بجکر ۴۵ منٹ رات تک رہے گی۔ بروز جمعہ دوسری ساعت صبح ۴ بجکر ۱۷ منٹ سے ۵ بجکر ۱۲ منٹ تک رہے گی۔ تیسری ساعت صبح ۱۱ بجکر ۳۱ منٹ سے ۱۲ بجکر ۳۵ منٹ تک رہے گی۔ چوتھی ساعت رات ۷ بجکر ۳ منٹ سے ۷ بجکر ۵۸ منٹ تک رہے گی۔

فتوحات و کامیابی

مقدمہ

مخالفوں پر فتح پائے، مقدمہ میں کامیابی حاصل کرنے اور مقابلہ میں جیتنے کے لئے کاغذ پر سرخ سیاہی سے ایک مربع تیار کریں اس میں اپنے نام معہ والدہ کے اعداد لے کر بارہ سو تینتیس (۱۲۳۳) عدد اور ملا دیں اور ایک نقش تیار کریں۔ جس کی چال یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۴	۱۵	۱۰
۶	۹	۱۶	۳
۱۲	۷	۲	۱۳
۱	۱۴	۱۱	۸

۱۲۳۳ اعداد انا فتحنا لك فتحا مبينا کے ہیں۔ مربع پُر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کل اعداد سے ۳۰ عدد تفریق کر کے باقی کو ۴ پر تقسیم کریں۔ اگر ایک باقی بچے تو خانہ ۱۲ میں ایک عدد کا اضافہ کردیں۔ اگر دو باقی ہوں تو خانہ ۹ میں اگر تین باقی ہوں تو خانہ ۵ میں ایک کا اضافہ کردیں نقش پُر ہوجائے گا۔ نقش کو چاروں طرف سے جمع کر کے دیکھ لیں اگر اعداد برابر ہوں تو نقش درست ہے ورنہ نہیں۔

قوت بدنی

یہ عامل کامل حصہ اول کا ۳۳ واں عمل ہے۔ ہر سال لوگ اس سے فائدہ اٹھاتے ہیں وہ لوگ جن کی قوت مردمی کسی وجہ سے زائل ہوچکی ہے۔ کمر میں درد رہتا ہے۔ آنکھوں میں نور اور روشنی کم ہوگئی ہے۔ جسم کمزور و نحیف ہے اور طاقت کی ادویہ کھانے کے باوجود مریض ہیں تو اس عمل کو تیار کریں ہر قسم کی کمزوری دور ہوگی۔ کسی دوا اور یاقوتی کھانے کی ضرورت نہیں۔ ایک مرتبہ شباب کا لطف آجائے گا۔ اسے صرف بوقت ضرورت ہی پہنتے ہیں پھر اتار کر محفوظ رکھ دیتے ہیں۔

ایک بات اور یاد رکھیں کہ اگر قوت مردمی کے لئے انگوٹھی بنانا ہے تو ''ج غ'' کے ایک ہزار تین عدد لیں گے۔ اگر کسی وجہ سے جسم لاغر و کمزور ہے یا بدن میں خون نہیں یا ایسا کمزور نظام ہے کہ آئے دن بیماری رہتی ہے تو پھر جسم کی صحت و قوت کے لئے حروف ''ب س'' لیں۔ جس کی عدد ۶۲ ہیں۔ طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام کے اعداد بحساب ابجد لیں۔ نام معہ والدہ ہو۔ اس میں حروف ''ج غ'' یا ''ب س'' کے عدد ملائیں۔ پھر ۱۶۳۱ عدد کا اور اضافہ کریں اور کل کو ۲۸ پر تقسیم کردیں دیکھیں باقی کیا بچا۔ تقسیم سے جو کچھ باقی بچے۔ اس کے حروف بنا کر آگے لفظ طیش لگادیں یہ کلمہ ہی آپ کی قوت و طاقت کا سرچشمہ ہوگا۔ اس کو لوہے یا اسٹیل کی انگوٹھی پر وقت مقررہ پر کندہ کرلیں اور داہنے ہاتھ کی چھوٹی انگلی میں بوقت ضرورت پہنیں تو سو دواؤں جتنی طاقت دے گی۔

مثلاً نام احمد بن حلیمہ کے لئے انگشتری طاقت مردانہ کی تیار کرنا ہے تو

نام کے عدد = ۱۴۶

ج غ کے عدد = ۱۰۰۳

عدد خاص = ۱۶۳۱

میزان = ۲۷۸۰ تقسیم ۲۸ = باقی بچے ۸۔ جس کا حرف ''ح'' ہے۔ کلمہ بنا حیطش۔

اگر انگشتری جسمانی کی خرابی کو دور کرنے کے لئے بنانا ہے تو یہ ہوگی۔

نام کے عدد = ۱۴۶

ب س کے عدد = ۶۲

عدد خاص = ۱۶۳۱

میزان = ۱۸۳۹ تقسیم ۲۸ = باقی ۱۹ کے حروف ''ط ی'' ہوئے اور کلمہ طیش لگا کر ''طیطیش'' بنا۔ اس کو ہر وقت انگلی میں پہنے رکھنا ہے۔ چھوٹی انگلی کے ساتھ والی انگلی میں پہنی جائے گی۔

یہ تمام آسان اعمال ہیں اپنے لئے ہر شخص کو اجازت ہے۔ وہ لوگ جو کسی وجہ سے نہ کرسکتے ہوں اور دفتر سے تیار کروانا چاہیں تو نام معہ والدہ اور مقصد لکھیں۔

فتوحات و کامیابی مقدمہ کے لئے چاندی کی لوح کا ہدیہ -/۸۵۰۱ روپے اور کاغذ پر نقش کا ہدیہ -/۴۹۷۱ روپے ہوگا۔ جب کہ انگشتری کا ہدیہ -/۹۷۰ روپے ہوگا۔ وقت مقررہ سے پندرہ روز قبل نام و مقصد اور ہدیہ مل جانا چاہئے۔ محصولڈاک -/۵۰ روپے علیحدہ ارسال کریں۔

تحفظ جان

جس شخص کے پاس یہ تعویذ ہوگا۔ وہ جادو، نظر بد، جنات، بھوت، پری، سوتے میں ڈر، وسواس شیطانی، دہشت اور حادثات سے محفوظ رہے گا۔ گھر کی نااتفاقیاں، جو بداثرات کی وجہ سے ہونگی۔ وہ بھی ختم ہوجائیں گی۔

ہدیہ نقش =/۲۵۰۱ روپے۔

محصولڈاک =/۶۵ روپے علاوہ

مینجر روحانی دنیا کراچی

علم نجوم

برج کے پوشیدہ خواص

(قسط ۳)

کونسا لفظ آپ کو آگ بگولہ کرسکتا ھے اور کس لفظ سے آپ کی ھمدردی اور محبت کے جذبات ابھر سکتے ھیں

برج میزان

جو چیزیں ایک مہذب حلیم الطبع نیز شریفانہ طور وطریق کے حامل میزانی کو آگ بگولہ، منتقم اور قہر کے فرشتے میں تبدیل کردیتی ہے- ایک حکومتی سطح یا اور ہی سطح پر ''ناانصافی'' کیونکہ تمام میزانی افراد کا قانون کے بارے میں نہایت فلسفیانہ تصور رکھتے ہیں- دوسرا عام زندگی میں ''ناانصافی'' کے فروغ پر میزانی افراد یہ نہیں دیکھ سکتے کہ کوئی بڑی مچھلی کسی چھوٹی مچھلی کو نگل جائے اور اس ناانصافی کو کم کرنے کی ہر ممکن کوشش کرتے ہیں- مثال کے طور پر مہاتما گاندھی اور روز ویلٹ جیسے شرمیلے اور گوشہ نشین قسم کے میزانی افراد بھی ناانصافی اور ظلم کے خلاف خم ٹھونک کر میدان عمل پر اثر ڈالتے ہیں اور ہر ممکن کوشش سے اپنی قوم کی حفاظت کرتے ہیں-

میزانی افراد قدرے سست اور نازک مزاج ہوتے ہیں اور یہی ان کا نرم گوشہ ہوتا ہے- میزانی افراد (عورت ومرد) کو عام طور پر سجاوٹ کی نازک اشیاء کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے- یہ لوگ دعوتوں اور پارٹی وغیرہ میں بہترین ساتھی ثابت ہوتے ہیں- لیکن ان لوگوں کو کسی کاروباری گفتگو میں شریک نہیں کیا جاتا- جو کہ ایسے دعوتوں اور پارٹی کے بعد بالعموم رسماً یا آج کل لازمی طور پر ہوتی ہیں- میزانی کو خود اس سے قطعی دلچسپی نہیں ہوتی لہذا وہ اس سے خود بھی پرہیز کرتے ہیں- آپ اپنے میزانی ساتھی کی ذہانت پر اعتماد کیجئے اور اس کے ساتھ ہی اس پر کوئی ذمہ داری سپرد کردے تو آپ کا یہ میزانی ساتھی یا عزیز اپنی بہترین صلاحیتوں کو استعمال کرنا شروع کردے گا اور آپ کے لئے قابل فخر بن جائے گا کیونکہ آپ نے نہ صرف ان کے خوبصورتی بلکہ ذہانت کو بھی قدر کی۔ اس لئے یہ دونوں ہی خوب سے خوب تر صلہ دیں گے- میزانی افراد کی غیر معمولی ذہانت آپ کو کبھی سرنگوں نہ ہونے دے گی- لیکن چونکہ میزانی بہت کم خود پیش قدمی کرتے ہیں- لہذا آپ کو اس سلسلہ میں پہل کرنی ہوگی تاکہ آپ اس کی اس کمزور اور نازک پہلو کو دور کرسکیں-

برج عقرب

عقربی افراد خفیف سی مخالفت بھی برداشت نہیں کرپاتے یا نہیں کرتے اور یہی وجہ ہے کہ منطقہ البروج کے سب سے غلط سمجھے جانے والے اور مشکل افراد کہلاتے ہیں اور عقرب بمعنی بچھو نام کے شیان شان شہرت (کا حامل ہو) جاتا ہے- اگر آپ خالص عقربی فرد ہیں تو آپ دنیا کو اس نقطہ نظر سے دیکھتے ہیں کہ ابتدائے آفرینش سے ہی دنیا میں نیکی وبدی کے قوتوں کے درمیان کشمش جاری ہے اور انسان کو نیکی کی طرفداری کرنی چاہئے- (اور انہی ذمہ داری خصوصاً آپ تو یقیناً حق پر ہیں) اور اگر کوئی آپ کی مخالفت کی ہمت کرتا ہے تو وہ اپنے رسک پر کرتا ہے- کیونکہ آپ قطعی مخالفت برداشت نہیں کرسکتے- ایک انگریز ماہر منجم نے اس طرح بیان کیا ہے کہ آپ عقربی فرد کی مخالفت تین 'R' کے ساتھ Respect Fully Rationally, اور Reasonably کریں اور یوں کہ تین 'ع' کے ساتھ یعنی عزت سے، عقلی دلائل سے اور عالمانہ طریقے سے کسی عقربی مخالفت کیجئے ان سے کہیئے کے اس شعبہ سے کہ آپ کا نقطہ نظر بہت اچھا ہے لیکن کیا خیال ہے آپ کا؟ اس مسئلے میں مزید گفتگو ہوسکتی ہے اور اس سے متعلق بہت کچھ اور بھی کہا جاسکتا ہے- اس انداز بیاں سے کہنا ان کے میدان میں ڈال کر ان کی انا کی تسکین بھی کردیا اور اپنا مقصد بھی حاصل کرلیا- آپ کسی عقربی فرد سے ہرگز یہ نہ کہیں کہ آپ غلطی پر ہیں یا آپ کا خیال احمقانہ ہے ورنہ آپ کو علم ہی نہ ہوسکے گا کہ آپ پر وار کرگیا یا حملہ آور ہوچکا-

عقربی افراد پر سنگ دلی کی چھاپ لگی ہوتی ہے لیکن ایسا صرف اس وقت ہوتا ہے جب آپ غصہ میں ہوں لیکن جب آپ غصہ میں نہیں ہوتے اور ایسا اکثر وبیشتر ہوتا ہے تب یہ لوگ سنگدلی سے کوسوں دور ہوتے ہیں- آپ کے اندر بے انتہا جذبات کا بہاؤ، رقیق القلبی اور احساسات کی قدرت ہے لیکن آپ اپنے دشمنوں کے خوف سے اپنی اس نرم پہلو کو اجاگر ہونے نہیں دیتے کہ مبادا دشمن آپ کو کمزور یا نازک طبع شخص خیال کریں- رابرٹ لینڈی ایک منفرد عقربی شخص تھا- وہ اپنے مخالفوں پر اسقدر سخت تھا کہ اس کی انتخابی مہم کی ٹرین کا نام مخالفین نے سنگدل توپ کا گولہ رکھ دیا- لیکن اس کے باوجود وہ اسقدر حلیم الطبع، نرم خو شخصیت کا مالک تھا کہ لاکھوں کے ہجوم میں ایک بچہ کی جوتے کی لیس کھلی دیکھ کر وہ خود جھکا اور اس بچے کے لیس باندھ دیئے- عقربی افراد کی خصلت ہوتی ہے کہ اکثر کوئی ان سے شرافت برتے تو وہ شریفانہ راہ رسم اختیار کرتے ہیں-

برج قوس

علم نجوم کی رو سے آپ کو مشتعل کر دینے والا نقطہ بے ایمانی ہے- آپ کسی ایسے شخص کو سزا دینے کے روادار نہ ہونگے جو کہ غلطی کرتا ہے اور اس کا اعتراف اور بعد میں معافی مانگ لیتا ہے- لیکن کسی ایسے شخص کو ہرگز معاف نہ کریں گے جو اپنے جرم کی پردہ پوشی کے لئے جھوٹ کی آمزش کرے یا اس کی سنگینی کو کم کرنے کے لئے غلط بیانی سے کام لے- اس بات کو سن کر اکثر افراد یہ کہہ سکتے ہیں کہ جو فرد خود بھی اکثر دروغ گوئی اور فریب اور سچ میں جھوٹ کی آمزیش سے کام لیتا ہو وہ خود کس طرح جھوٹ کے معاملے میں اسقدر سنجیدہ ہوسکتا ہے- لیکن قوسی افراد کے لئے مزاح' تفریح وطبع یا کسی کے فائدے کے لئے جھوٹ بولنے اور جھوٹ نقصان یا جرم کی اہمیت کم کرنے کے لئے بولنے میں بہت زمین آسمان کا فرق ہے- کہانیوں میں ہے کہ جارج واشنگٹن کے والد نے جارج کو بہت بڑا نقصان کر کے سچ بولنے پر کوئی سزا نہیں دی تھی- مجھے اس کے برج کا تو نہیں علم ہے لیکن اگر یہ حقیقت ہے تو میں شرط لگا سکتا ہوں کہ جارج واشنگٹن کے والد کا برج قوس ہوگا-

نرم گوشوں میں ایک گوشہ قابل ذکر ہے وہ ہے اس کی ذاتی آزادی سے محبت -لحاظہ ہمیں بروجی افراد کو تنہا چھوڑ دینا چاہئے- لیکن تھوڑے ہی عرصے میں خوش مزاج قوسی اپنی تنہائی سے بیزار آجاتے ہیں کیونکہ قوسی ایک مشترکہ نشان کا مالک ہے یعنی آدھا انسان اور آدھا گھوڑا لحاظہ یہ تنہائی اور رفاقت بیک وقت طلب کرتا ہے- یہ افراد صرف اتنی تنہائی اور آزادی چاہتے ہیں کہ آپ ان کی پکار کے حدود میں رہیں- اس کی مثال فرینک سینٹرا کی شخصیت ہے- یہ شخص ہمیشہ اکیلا رہتا ہے- لیکن اس کے مصائب اور حاشیہ بردار ہمیشہ قریب ہی موجود رہتے ہیں-

راولپنڈی میں

رسالہ کتب اور برنی تقویم حاصل کریں

اشرف بک ایجنسی صدر

اسلام آباد میں

Mr. Books Pvt Ltd,
Super Market
Books & Books

ساہیوال میں

رسالہ روحانی دنیا اور کتابیں حاصل کرنے کے لئے

طاہر بک اسٹال' نیوز پیپر ایجنٹ دیپالپور

لوح مشتری

اسباب و مال وحصول مال و دولت وکشائش رزق

مشتری کا دور بارہ سال کا ہوتا ہے- ہر شخص کو تو زندگی کی عام اور مالی سعادتیں دیتا ہے- کاروبار میں منافع لاتا ہے- مرد اور عورت کے لئے یکساں مفید انتہائی سعد اور پرتاثیر اوقات کا عظیم کارنامہ ہے- یہ مالی امور میں خوش بختی کو اسطرح کشش کرتی ہے جیسے مقناطیس لوہے کو- اس کو پہن کر تمنا دل میں قائم کر کے دعا کیجئے پہنے رہئے انشاء اللہ مالی معاملات اور روپیہ کے حصول کے لئے جو اسباب بھی کریں گے- ان سے روپیہ ملے گا اور قدرت ایسے اسباب بھی پیدا کرے گی جن سے چند سالوں میں زندگی بن جائے گی-

وقت خراب ہے- زمانہ چلتے چلتے ایسی جگہ پہنچ گیا ہے جہاں مالی تباہیاں جلد تر آتی ہیں- جہاں روزانہ مہنگائی کے ذریعہ جو کمایا ختم ہوجاتا ہے- ملازمتوں کا اندیشہ رہتا ہے- کاروبار کی بندش ہوجاتی ہے- اس وقت جو چیز کام دیتی ہے وہ صرف پیسہ ہے فالتو روپیہ! تاکہ اپنی عزت اور وقار کو دوسروں کی نظر میں قائم رکھا جاسکے- قدرت کی طرف سے بھی مواقع کم ہی رکھے گئے ہیں- انسانی امداد کے لئے ۱۲ سال بعد وقت آتا ہے مشتری کو کب مال و دولت گردانا گیا ہے اس لئے علمائے جفر اس وقت کی تاثیر سے فائدہ اٹھاتے ہیں-

دفتر سے منگوانے کے لیے نام معہ والدہ اور ہدیہ منی آڈر کریں- خاص بات معلوم کرنی ہو تو- صبح ۱۱ بجے سے دوپہر ۲ بجے تک فون کریں

کال کریں 0333-7202964 رسالہ روحانی دنیا کراچی ۷۴۸۰۰

چاند اور سورج گرہن

چاند گرہن

یہ جزوی گرہن ہوگا۔ جو ۷ اگست کی رات ۱۱ بجکر ۲۰ منٹ کو ۱۵ درجہ ۳۰ دقیقہ برج دلو پر لگے گا۔ اس کا دورانیہ ۲۰ سیکنڈ سے کم ہوگا۔ یہ گرہن ۷ اگست کی رات ۱۰ بجکر ۲۲ منٹ سے لگنا شروع ہوگا۔ گرہن رات ۱۱ بجکر ۲۰ پر مکمل لگ جائے گا یہ اس کا وسطی حصہ ہوگا اور ۷/۸ اگست کی رات ۱۲ بجکر ۴۸ منٹ پر ختم ہو جائے گا۔ مکمل گرہن ایک بجکر ۵۰ منٹ پر ختم ہوگا۔

سورج گرہن

یہ مکمل گرہن ہوگا ۔ جو ۲۱ اگست کی رات ۱۱ بجکر ۲۱ منٹ کو ۲۸ درجہ ۵۳ دقیقہ برج اسد پر لگے گا۔ اس قران کا دورانیہ ۲ منٹ ۴۰ سیکنڈ کا ہو گا۔ یہ گرہن ۲۱ اگست کی رات ۹ بجکر ۴۸ منٹ سے شروع ہوگا اور ۱۱ بجکر ۲۱ منٹ رات پر مکمل لگ جائے گا یہ اس کا وسطی حصہ ہوگا۔ اس کے بعد اترنا شروع ہوگا اور ۲۲ اگست کو ایک بجکر ۲ منٹ قبل سحر پر مکمل صاف ہو جائے گا۔

یہ گرہن مغربی یورپ، شمال مشرق ایشیاء، شمال مغربی افریقا، جنوبی امریکہ کے بیشتر علاقے، بحر اوقیانوس، بحر الکاہل والے دیکھ سکیں گے۔

اس وقت کے اندر اندر جو بھی اعمال کرنا چاہیں کر سکتے ہیں۔ اگر آپ حروف صوامت کی زکات دینا چاہیں تو بھی ۵۴۳ بار **احد رسص طعك لموه** لکھ کر دے سکتے ہیں۔ حروف صوامت کے اعمال انسانی ضروریات کا چوتھائی حصہ مکمل کرتے ہیں۔ میں ان کے متعلقہ اعمال اور طریق کار کو گزشتہ سالوں میں بہت دے چکا ہوں۔

گرہن کا ایک خاص اثر اہل عالم پر ہوتا ہے۔ جس کے بعض اثرات نمایاں ہوتے ہیں۔ جن عورتوں کے اولاد ہونے والی ہو۔ وہ گرہن کے وقت بہت احتیاط کریں۔ بعض بچے جو ماں کے پیٹ سے ناقص مثلاً لنگڑے، اندھے، ہونٹ کٹے یا گونگے بہرے وغیرہ پیدا ہوتے ہیں۔ وہ سب گرہن کے اثر سے متاثر ہوئے ہوتے ہیں۔ عام عورتیں گرہن کے اثرات سے واقف نہیں ہوتیں۔ جن عورتوں کے اولاد پیدا ہونے والی ہو۔ گرہن کے تمام وقت بڑے آرام سے ہاتھ پاؤں سیدھے کر کے لیٹی رہیں اور خیالات نہایت پاکیزہ رکھیں یہ یاد رکھیں کہ گرہن کے وقت جو خیالات ماں کے ہوں گے۔ اولاد کے بھی ویسے ہی خیالات ہوں گے۔ اگر عورت پڑھی لکھی ہو تو گرہن کے وقت لیٹ کر مذہبی یا عالمانہ اور جرات و ہمت والی باتوں کی کتابیں پڑھتی رہیں۔ اگر حاملہ عورت اس وقت قعدہ میں بیٹھی ہو تو بچے کے پاؤں ٹیڑھے ہوں گے۔ اگر آنکھیں بند کر کے لیٹے گی تو بچے کی آنکھوں میں نور کم ہوگا۔

علاوہ حاملہ کے اور لوگوں کو چاہئے کہ وہ عبادت و استغفار میں مشغول رہیں۔ مسلمان اپنے محلّہ کی مسجد میں نماز کسوف یا خسوف ادا کریں۔ باجماعت نماز ہو۔ اس میں خطبہ نہیں ہوتا۔ اس وقت ہر شخص حسب توفیق صدقہ و خیرات کرے۔ یہ وقت سعد نہیں ہوتا اور اس وقت کی تاثیر بہت طاقت رکھتی ہے۔ گرہن کے وقت میں جو عمل کیا جاتا ہے وہ نہایت سریع الاثر ہوتا ہے۔

جو شخص عامل بننا چاہے۔ اس کو تو چاہئے کہ پہلے اجازت طلب کرے پھر حروف صوامت کی زکات دے۔ یا عامل کامل حصہ اول کے باب ششم میں سے کسی ایک عمل کو پانچ سو مرتبہ پڑھ لے تو وہ اس عمل کا عامل بن جائے گا۔ یہ عمل بخار، حب، سر درد اور درد دانت وغیرہ کے لئے ہیں۔ اپنی پسند اور ضرورت کو مدنظر رکھ کر زکات ادا کریں۔ تمام عمر عمل کام دے گا۔ اجازت پہلے لے۔

یہ عمل ان تمام خباثتوں سے محفوظ رکھے گا۔ جو انسان و شیطان دونوں سے وابستہ ہیں۔ مثلاً یہ بدگویوں اور خلاف بولنے والوں کے لئے زبان بندی کا کام دے گا۔ حسدوں کے حسد سے محفوظ کرے گا۔ نظر وزداں، ظالماں، قاطعاں اور موذیان سے مخفی رکھے گا۔ یعنی ان سے ہمہ وقت محفوظ رہے گا۔ جن لوگوں کو مخالفتوں سے واسطہ پڑتا ہے۔ جن کے دشمن ہمہ وقت اسے نیچا دکھانے کی کوشش کرتے ہیں اور جو بدنام کرتے ہیں۔ ان سب سے محفوظ رہنے کے لئے یہ حرز اسرار کام دے گا۔ تمام خلقت کی زبان بندی بھی اسی سے ہوگی۔ گویا شر الاشرار سے محفوظ کرنے کے لئے ایک حصار کا کام دے گا۔ انسان کو بہترین نفع دینے والی چیزوں میں سے یہ ایک میرا تحفہ ہے اور اس زمانہ کے ہر آدمی اور عورت کو اپنے اپنے حلقہ میں محفوظ رہنے کیلئے ضروری ہے۔

حروف صوامت جن سے ہر قسم کے امور کو باندھا جاتا ہے۔ اس کے عدد ۵۴۳ ہیں۔ حروف نورانی میں سے **الٓمّٓ طٰهٰ طٰسٓ طٰسٓمٓ عٓسٓقٓ نٓ** کے اعداد بھی ۵۴۳ ہیں۔ حروف نورانی کے متعلق میں کئی دفعہ وضاحت کر چکا ہوں کہ اللہ جل شانہ نے ان حروف نورانی سے قرآن کریم کی حفاظت کی ہوئی ہے اور یہ حروف قرآن کی بعض سورتوں کے شروع میں ہیں۔ ان کے مفرد حروف چودہ ہیں۔

اب میں ان اعداد کی قوتوں سے نقش تیار

کرتا ہوں۔ جو شرالاشرار سے محفوظ رکھ کر حفاظت کرے گا۔ وہ یہ ہے ۱۷۷ سے لے کر ۱۸۵ تک باترتیب لکھنا ہوگا۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۸۰	۱۸۵	۱۷۸
۱۷۹	۱۸۱	۱۸۳
۱۸۴	۱۷۷	۱۸۲

اب اس کی تکمیل کو سمجھیں۔ اگر یہ نقش زبان بندی اعداد کے لئے لکھے تو نقش کے نیچے یوں لکھے۔

وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنَا هُمْ فَهُمْ لَايُبْصِرُوْنَ - صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَايَرْجِعُوْنَ - عَقَدْتُ لِسَانِهِمْ وَسَدَدْتُ اَفْوَاهِهِمْ

اگر یہ نقش شرالاشرار سے محفوظ رہنے کے لئے ہو تو نیچے یوں لکھیں۔

كَذَالِكَ اللّٰهُ رَبِّى عَنْ فَوْقِهِمْ وَعَنْ فَوْقِنَا- كَذَالِكَ اللّٰهُ اَبَاعَنْ يَسَارِهِمْ وَعَنْ يَسَارِنَا- اِنَّهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَلِكُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَسَلَّمْ

اگر یہ نقش نظر و جن و پری اور سحر و جادو سے حفاظت کے لئے ہو تو نقش کے نیچے یوں لکھیں۔

سَدَدْتُ اَفْوَاهَ وَنَظْرَالْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالشَّيَاطِيْنِ وَالسِّحْرَةِ وَالْاَبَالِسَةِ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالشَّيَاطِيْنِ وَمَنْ يَلُوْذُبِهِمْ بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْاَعِزِّوَبِاللّٰهِ الْكَبِيْرِ الْاَكْبَرِ-

اگر ایک گھر میں رہتے ہوئے کسی ایک کی دوسرے کے دل میں عزت و وقعت نہ ہو۔ مثلاً میاں بیوی کے درمیان نفرت ہو اور ایک دوسرے کو برا بھلا کہہ کر عزت نہ کرتا ہو اور اسی طرح کسی کی اپنے دفتر میں عزت و وقعت نہ ہو تو نقش کے نیچے یوں لکھیں۔

وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّاوَ مِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنَا هُمْ فَهُمْ لَايُبْصِرُوْنَ اَلْيَوْمِ نَخْتِمُ عَلٰى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَا اَيْدِيْهِمْ فَهُمْ لَايَنْطِقُوْنَ لَوْ اَنْفَقْتَ مَافِى الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَاَالَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَ هُمْ اِنَّه' عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ يَااَرْحَمَ الرَّحِمِيْنَ-

ان عزیموں کو جو نقش کے بعد لکھی ہیں۔ بسم اللہ سے شروع کریں اور عزیمت کے بعد لکھیں۔

بحق آلٓمّٓ طٰهٰ طٰسٓ طٰسٓمٓ عٓسٓقٓ نٓ اَللّٰهُمَّ اَحْفِظْ عَلٰى حَامِلِ هٰذِالدُّعَآءُ (نام معہ والدہ) بِاَمْرِ اللّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ

اب چاروں طرف ایک ایک دفعہ حروف صوامت لکھیں۔ احد رسص طعك لموه

نقش کے کونے قوله الحق وله الملك

سے تیار کریں۔ یہ سارا کام کالی سیاہی یا نیلی سیاہی یا پنسل سے کاغذ پر لکھ سکتے ہیں۔ لکھتے وقت رجال الغیب کا خیال رکھیں اور اکیلے کمرہ میں کریں۔ ایسا انتظام کریں کہ کوئی بلائے نہیں۔ نہ ہی کام کرتے وقت بولنا ہے۔ اس کو تہہ کر کے تعویذ بنالیں اور بازو پر باندھیں یا گلے میں ڈال لیں۔ یہ ایسا کام کرلیا۔ جس سے دل مطمئن رہے گا۔ بے خوف و بے خطر ہو جائیں گے۔

تحفظ جان

جس شخص کے پاس یہ تعویذ ہوگا۔ وہ جادو، نظر بد، جنات، بھوت، پری، سوتے میں ڈر، وسواس شیطانی، دہشت اور حادثات سے محفوظ رہے گا۔ گھر کی نااتفاقیاں، جو بداثرات کی وجہ سے ہونگی۔ وہ بھی ختم ہوجائیں گی۔

ہدیہ نقش =/۲۵۰۱ روپے۔
محصولڈاک =/۶۵ روپے علاوہ

مینجر روحانی دنیا کراچی

علم النقوش پر جامع اور مستند کتاب

عامل کامل

(حصہ دوم)

علم الواح ☆ علم تکسیر اعداد ☆ وفق اعداد ☆ علم النقوش مع خواص ☆ وضع اور قواعد معہ امثال

اب تک علمی طور پر اس موضوع پر ایسی جامع کتاب شائع نہیں کی گئی۔ جس سے یہ معلوم ہو کہ یہ علم کیسے کام کرتا ہے۔ عمل کیسے وضع کیا جاتا ہے اور کیسے مختلف مقاصد کا مخصوص نقش بنتا ہے۔

- مثلث کہاں کام کرتی ہے۔ مربع کہاں، مخمس کہاں، غرضیکہ ہر نقش کے متعلق یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ مقصد کے موافق چال کونسی ہے اور نقش کونسا ہے۔
- ہر قسم کے نقش پر کرنے کے طریقے، مخصوص دور اور مخصوص مقاصد کے لئے وضعی اعداد یہ تمام طریقے کسی اور کتاب میں نہ مل سکیں گے۔ یہی نقوش کے راز ہیں۔
- وہ راز جس سے نقش کے اندر اسم، آیت، مقصد اور نام طالب و مطلوب قائم ہوجائیں۔
- نقوش کے موکلات، اسمائے الٰہی، اعوان اور عزیمت بنانے کے قواعد۔
- طریقہ زکات و اصلاح عددین۔
- مثلث، لوح سلیمانی، مثلث ہندی، مثلث دوپایہ، مربع، مخمس، مسدس، مربع، عشر، اثنا عشر، صدور صد نقوش، ان کی چالیں، خواص اور عملیات۔
- اعمال و حب و بغض، حاضری مطلوب، ترقی، سربلندی، حصول رزق، امراض وغیرہ کی الواح تیار کرنے کے طریقے، اسمائے الٰہی کی الواح اور ان کے فوائد۔
- مخصوص اوقات کے مخصوص اور سریع التاثیر درجات۔

صفحات ۲۴۰ * ابواب ۱۸ * عملیات و قواعد ۵۲۰

ہدیہ =/۵۵۰ روپے محصول ڈاک =/۶۵ روپے

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹر کراچی

رموز الجفر

حروف، عناصر، اسمائے الٰہی، اعداد اور ارواح فلکی کے امزجہ سے عالم سفلی میں تصرفات کی حکمت یہ حضرت کاش البرنیؒ کے معمولات کا لاثانی خزانہ ہے۔ جس کے اعمال متعدد مرتبہ تجربہ کی میزان پر تلے ہوئے ہیں، اس علم جفر کے صدیوں کے سربستہ رازوں کا انکشاف کیا گیا ہے، نقاط جفر کی تشریح کے ساتھ ساتھ اعمال کے فہم و تفہیم کے لئے مثالیں دی گئی ہیں۔ حصول خواہشات اور مراد براری کے وہ موثر قواعد بیان کئے گئے ہیں۔ جو بمنزلہ تاثیر کے طلسم سے بھی عظیم تر ہیں۔ ان میں کسی چلہ کشی کی ضرورت نہیں، محض وقت اور ترکیب سے ہی تاثیر پیدا ہو جاتی ہے۔

اس میں ۹ ابواب ہیں جن میں ۱۳۵ تیر بہدف عملیات ہیں۔

باب اول اسمائے اللہ الحسنٰی اور ان کے اعمال کا طریقہ۔

باب دوم حل المشکلات وطلب حاجات کے خاص قواعد۔

باب سوم حب و تسخیر و حاضری مطلوب کے تکسیری راز۔

باب چہارم بغض عداوت، اخراج و بیماری دشمن کے موثر اعمال۔

باب پنجم حصول رزق، کشائش، علوئے مرتبت دراسباب کار کے ذرائع۔

باب ششم تسخیر حکام، تسخیر خلق، تحفظ غضب حاکم کے خاص اعمال۔

باب ہفتم زباں بندی، راہ بندی، حفاظت، ناجائز مطالبات کی بندش وغیرہ، عقود۔

باب ہشتم جملہ کواکب کے شرف، اوج و موثر نظرات کے اعمال۔

باب نہم متفرقات، امراض، گریختہ، ہفت خواتیم وغیرہ۔

۲۰۸ صفحات۔ ہدیہ =/۴۲۵ روپے۔ محصولڈاک علاوہ۔ نوٹ :۔ صرف وہ لوگ منگوائیں جن کی ذہنی قوتیں اچھی ہوں، حساب داں ہوں اور حل کرنے کی سعی سے گریز کرنے والے نہ ہوں۔

اوراق پبلشرز کراچی

تسدیس
زہرہ و مشتری

یہ طلسم ان لوگوں کے لئے لکھا جاتا ہے جن کا ستارہ مشتری ہے۔ لیکن جن کے حالات اچھے نہیں ہیں۔ ہر کام میں رکاوٹ اور ہر معاملے میں پریشانی ہوتی ہے آمدن اور مرتبہ میں ترقی نہیں ہوتی۔ اخراجات اور پریشانیاں پیچھا نہیں چھوڑتیں۔ اس کے علاوہ اگر ان لوگوں کا کوئی خاص مقصد ہو جو پورا نہ ہوتا ہو تو یہ عمل کام دے گا۔

۱۵/۱۶ ستمبر کی درمیانی رات ۱۲ بجکر ۴۳ منٹ پر زہرہ اور مشتری کی یہ سعد نظر قائم ہوگی۔ اس سعد وقت سے فائدہ اٹھانے کے لئے اپنا نام معہ والدہ کے اعداد ابجد قمری سے لے کر اس میں ایک سو بارہ (۱۱۲) عدد کا اضافہ کریں اور اس مجموعہ کو وقت مقررہ پر ایک نقش مربع آتشی میں پر کریں۔ قلم اور دوات نئی ہونی چاہئے۔ نقش زعفران سے پر کیا جائے گا۔ پھر مربع سامنے رکھ کر یا باسط ایک سو چوراسی (۱۸۴) بار پڑھیں اور دم کر کے موم جامہ کرا کے اپنے پاس رکھیں۔ انشاء اللہ بہترین مدد ملے گی۔

مربع پر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کل اعداد سے ۳۰ عدد تفریق کریں اور باقی کو ۴ پر تقسیم کریں۔ جو خارج قسمت ہو اسے خانہ اول میں رکھیں اور ایک ایک کا اضافہ کرتے ہوئے ۱۶ خانے پر کریں۔ اگر تقسیم کے بعد باقی ایک ہو تو خانہ ۱۳ میں۔ اگر ۲ باقی رہیں تو خانہ ۹ میں اگر ۳ باقی رہیں تو خانہ ۵ میں مزید ایک کا اضافہ کریں۔ نقش پر ہو جائے گا۔

نقش کی چال یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

اب اس عمل کو مثال کے ذریعے سمجھاتا ہوں تاکہ پوری طرح سمجھ میں آجائے۔

مثلاً طالب کا نام ارسلان والدہ کا نام مسرت ہے۔ اعداد نام طالب معہ والدہ کے ۱۰۴۲ ہوئے اب ۱۱۲ کا اضافہ کیا کل اعداد ۱۱۵۴ ہوئے۔ مربع پر کرنے کے لئے قانون کے مطابق ۳۰ عدد تفریق کئے اور ۴ پر تقسیم کیا تو حاصل قسمت ۲۸۱ آئے۔ باقی کچھ نہیں بچا مربع یہ ہوا۔

۲۸۸	۲۹۱	۲۹۴	۲۸۱
۲۹۳	۲۸۲	۲۸۷	۲۹۲
۲۸۳	۲۹۶	۲۸۹	۲۸۶
۲۹۰	۲۸۵	۲۸۴	۲۹۵

باقی طریقہ وہی ہے جو عام نقوش کے سلسلے میں اختیار کیا جاتا ہے۔

اپنا زائچہ بنوائے

تاریخ پیدائش، وقت پیدائش اور مقام پیدائش ارسال کریں۔

زائچہ کی رقم :۔/۲۰۰۰ روپے ہے

رسالہ روحانی دنیا۔ کراچی

کشکول

واپسی

اگر کسی کی کوئی چیز جاتی رہے۔ گم ہو جائے چوری ہو جائے۔ یا کوئی لے کر واپس نہ کرے تو اسے چاہئے کہ سورہ والضحیٰ سات بار پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کر کے اپنے سر کے چوگرد پھرائے۔ اس کے بعد سات بار اس عزیمت کو پڑھے۔

اصبحت فی امان اللہ وامسیت فی جوار اللہ امسیت فی امان اللہ واصبحت فی جوار اللہ ابرصا صبرصا صارصا

اس کو پڑھ کر سات بار دستک دیوے۔ تو گیا ہوا مال واپس ملے گا۔ کم از کم سات رات کرے۔ آزمودہ ہے۔

شفاء اور سلامتی

اگر کوئی شخص باہر گیا ہوا ہے اور چاہے کہ سلامتی سے واپس آئے۔ یا اگر کوئی بیمار ہے اور شفا نہیں پاتا تو فجر کی نماز میں سنت اور فرض کے درمیان ۴۱ بار سورہ فاتحہ پڑھ کر اس کے لئے دعا مانگے۔ انشاء اللہ مسافر بخیریت واپس آئے گا بیمار کے لئے پانی پاس رکھے۔ اور اس پر دم کرے۔ اور مریض کو پلاتا رہے۔ تو چند دنوں میں اللہ تعالیٰ اسے شفا دے گا۔

رات کو اٹھنا

اگر رات کسی مخصوص وقت اٹھنے کا ارادہ ہو تو سورہ کہف کی آیت کو آخر سورہ تک پڑھے۔ ان الذین امنوا و عملو الصلحت کانت لھم جنات الفردوس الخ تو اس کو سوتے وقت پڑھے۔ اور کہے کہ فلاں وقت مجھے اٹھا دیا جائے۔ تو اس کا موکل نیند سے بیدار کر دے گا۔

سنگدلی اور بے راہ روی

اگر کوئی اپنے اندر یا اپنی کسی اولاد کے اندر یا شریک حیات کے اندر اپنے لئے سختی اور سنگدلی پائے۔ یا کوئی بے راہ رو ہو جائے تو سورۃ ق والقران المجید اور سورہ یٰسین نماز فجر کے بعد ایک ایک دفعہ پڑھ کر دم کر کے پلائے۔ تو وہ شخص نرم دلی اختیار کرے اور راہ راست پر آ جائے۔ چالیس دن اس عمل کو کرے۔ روز پڑھے روز پلائے سخت خراب عادت والے لوگ بھی درست ہو جاتے ہیں۔ عمل کے دوران ناغہ ہو تو پرواہ نہ کرے اور دونوں سورتوں کو پڑھنے کے بعد نام اور عادت بد کا نام لے۔ پھر دم کرے۔ یعنی بعد میں نام لے کر مختصراً دعا کیا کرے۔

دشمن کے لئے

چاند کی پندرہ تاریخ کے بعد جو منگل آئے تو گیارہ پتے آک کے لے کر پاس رکھے اور کسی قبر کے اوپر بیٹھ کر یا دو قبروں کے درمیان بیٹھ کر اس اسم کو ایک سو بار پڑھے۔

یابدیع العجائب باالقھر یابدیع

اور چھری پر دم کر کے نام دشمن کا لے اور ایک پتہ کاٹ دے۔ چھری نئی خریدنی چاہئے۔ پھر سو مرتبہ پڑھے۔ اور اسی طرح دم کر کے نام دشمن کا لے کر دوسرا پتہ کاٹ دے۔ اسی طرح ۱۱ پتے کاٹنے ہیں اور گیارہ سو مرتبہ پڑھنا ہے۔ دوپہر کے وقت کرے۔ کوئی قبر جنگل میں ہو تو بہتر ہوگا۔ کیونکہ تنہائی ہوگی۔ حصار کر کے پڑھے۔ ایک چلہ میں دشمن تباہ و برباد ہوگا۔ ناحق کرنے والا مجرم اور شرع کی رو سے خطا کار ہوگا۔

رجوع خلق

اگر کوئی شخص چاہے کہ رجوع خلق ہو تا کہ خلقت میں عزت و مرتبہ ہو یا کاروباری ہے تو لوگوں کے آنے سے آمدن زیادہ ہو تو اس کے لئے اسم بدوح کا عامل بنے۔ زکات کا طریقہ یہ ہے کہ سات ہزار بار روزانہ چالیس دنوں تک اس کی عزیمت کو پڑھنا ہوگا۔ پرہیز جلالی و جمالی دونوں کا ہو اور خلوت ہو۔ رات کو پڑھے۔ اسم یہ ہے۔

یابدوح تبدوحت من البدوح فی البدوح بدوحك یابدوح

اس کے بعد روزانہ سات سو بار بعد نماز عشاء ورد رکھے۔ لیکن اب پرہیز کی ضرورت نہیں۔ انشاء اللہ بہت فتوح ہو اور خلقت رجوع ہو۔ اگر کوئی عامل اس زکات کے بعد بدوح کے نقش کی زکات سوا لاکھ ادا کرے تو اس میں اتنی قوت آ جائے گی کہ نقش لکھنے کے بعد جس شخص یا جانور کا نام اس کے نیچے لکھ کر پاؤں تلے دبائے تو وہ مسافت کے مطابق اس کے پاس پہنچے۔ عزیمت رجوع خلق کی اجازت خط لکھ کر حاصل کریں۔ دوکاندار، طبیب، ڈاکٹر، سیاست دان وغیرہ جس کا خلقت سے تعلق ہوتا ہے۔ پڑھ سکتا ہے۔ یہ بھی دراصل فراخی رزق کے اعمال کی طرح کام کرتا ہے۔

روح قرآن (حصہ اول)

قرآنی حقائق و معارف کو آسان اور عام فہم زبان میں پیش کیا گیا اور زندگی کے ہر پہلو کا جواب قرآن کے اعجاز و کمال سے دیا گیا ہے۔ آیات قرآنی کا انتخاب مختلف عنوانات کے تحت ہے۔ انسان سوال کرتا ہے اور قرآن جواب دیتا ہے کا طرز اختیار کیا گیا ہے۔ اس حصہ میں ایمان بالغیب کے متعلق، فرشتوں، قیامت، رسول خدا اور کتابوں کے متعلق سوال و جواب ہیں۔

(قیمت =/۳۰۰ روپے)

اوراق پبلشرز کراچی

طاعات

(۱) باپ کی طاعت کا نفع اولاد تک پہنچتا ہے۔ حضرت خضر علیہ السلام نے جن یتیم بچوں کی بلا اجرت دیوار درست کردی تھی کہ اس کے اندر ایک خزانہ گڑا ہے۔ تو پروردگار کی طرف سے خضر علیہ السلام کو اسی سبب سے دیوار بنانے کا حکم ہوا کہ ان بچوں کا باپ نیک آدمی تھا۔ اس نیکوکاری سے اس کے آثار اولاد تک گئے۔ آج کل لوگ اولاد کے لئے طرح طرح کے سامان جائیداد اور روپیہ چھوڑ کر جاتے ہیں۔ لیکن اگر وہ حلال کمائی سے نہیں تو اولاد پر وہ وبال کی صورت میں اثر دیتے ہیں۔ بہت جائیداد یہ ہے کہ خود نیک کام کئے جائیں تا کہ اس کی برکت سے اولاد بلاؤں سے محفوظ رہے۔

(۲) طاعت سے زندگی میں غیبی بشارتیں نصیب ہوتی ہیں قرآن حکیم میں اللہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ جو لوگ ایمان لائے اور اللہ سے ڈرے نیک کام کئے لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ان کے لئے دنیاوی اور آخرت کی زندگی میں بشارتیں ہیں۔

(۳) طاعت سے فرشتے مرتے وقت خوشخبری سناتے ہیں۔ اس کا بھی قرآن حکیم میں ذکر ہے۔

(۴) بعض طاعات سے حاجات روائی ہوتی ہے۔ ترمذی میں ہے۔ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہا کہ جس شخص کو کسی قسم کی حاجت ہو۔ اللہ تعالیٰ سے ہو یا آدمی سے ہو اس کو چاہئے کہ اچھی طرح وضو کرے۔ پھر دو رکعت نماز پڑھے۔ پھر نبی پر درود بھیجے۔ پھر دعا کرے تو اس کی حاجت پوری ہوتی ہے۔

(۵) بعض طاعات سے کسی معاملہ میں تردد ہو تو رفع ہو جاتا ہے۔ احادیث شریف میں ہے کہ جب تم کو کسی کام میں تردد ہو۔ یعنی سمجھ میں نہ آتا ہو کہ اس کا کرنا بہتر ہے یا نہیں تو استخارہ کرو۔ دو رکعت نفل پڑھ کر یہ دعا مانگو۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ- فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَ تَعْلَمُ وَ لَا اَعْلَمُ وَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ - اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ (یہاں حاجت کا نام لے مثلاً هٰذَا السَّفَرَ - هٰذَا النِّكَاحَ وغیرہ) خَيْرٌ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَ مَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ

(۶) بعض طاعات سے عام مہمات کی ذمہ داری اللہ تعالیٰ لے لیتے ہیں۔ روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا شروع دن میں جو شخص چار رکعت نماز پڑھ لیا کرے۔ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ ختم دن تک وہ سارے کام بنا دیا کرے گا۔

(۷) بعض طاعات میں مال میں برکت پیدا ہوتی ہے۔ حکیم ابن حزامؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر بیچنے والا سچ بولے تو اس سے مال میں برکت ہوگی۔

(۸) بعض طاعات عالیہ غصہ کو دور کرتی ہیں اور بری حالت پر موت نہیں آتی یہ بھی ترمذی میں حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ صدقہ اللہ تعالیٰ کے غصہ کو بجھاتا ہے اور بری طرح کی زندگی کے خاتمہ کو دفعہ کرتا ہے۔

(۹) دعا سے بلا ٹلتی ہے اور نیکی سے عمر بڑھتی ہے یہ بھی ترمذی میں روایت ہے۔

(۱۰) حاجات بھی پوری ہوتی ہیں۔ عطا ابن ابی رباحؒ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سورہ یاسین صبح پڑھے۔ دن میں اس کی حاجت پوری ہو جائے گی۔

(۱۱) بعض طاعات ہیں جن سے فاقہ نہیں آتا۔ حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ ارشاد فرمایا۔ رسول اللہ ﷺ نے جو شخص رات کو سورہ واقعہ پڑھا کرے اس کو کبھی فاقہ نہ ہوگا۔ آج کل جو لوگ بے روزگاری یا کاروبار میں آمدن نہ ہونے کی شکایت کرتے ہیں ان کو چاہئے۔ سورہ واقعہ پڑھا کریں۔

(۱۲) ایمان کی برکت سے تھوڑے کھانے میں آسودگی ہوتی ہے۔ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ مومن ایک آنت میں کھاتا ہے اور کافر سات آنت میں کھاتا ہے۔

(۱۳) بعض دعاؤں کی برکت سے بیماری لگنے یا بلا پہنچنے کا خوف نہیں رہتا۔ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ ارشاد فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ جو شخص کسی غم زدہ یا مرض میں مبتلا شخص کو دیکھ کر یہ دعا پڑھے۔ تو اس شخص کو کبھی وہ غم یا مرض یا پریشانی نہ پہنچے گی اور میرا قاعدہ ہے کہ میں جب کسی معذور شخص کو دیکھتا ہوں تو بھی یہی پڑھتا ہوں۔ دعا یہ ہے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ عَافَانِيْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَ فَضَّلَنِيْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلًا

(۱۴) بعض دعاؤں سے فکریں زائل ہو جاتی ہیں اور قرض ادا ہو جاتا ہے۔ حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا رسول اللہ ﷺ مجھ کو بہت سے افکار اور قرض نے گھیر لیا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا میں تجھ کو ایسا کلام بتا دوں کہ اس کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ تیری ساری فکریں دور کر دے اور تیرا قرض بھی ادا کر دے تو صبح و شام یوں کہا کر اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَ الْحُزْنِ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَ الْكَسَلِ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبُخْلِ وَالْجُبْنِ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَ قَهْرِ الرِّجَالِ

(۱۵) بعض دعائیں سحر وغیرہ کے اثر سے محفوظ رکھتی ہیں۔ حضرت کعب الاحبارؓ فرماتے ہیں کہ اگر میں چند کلمات نہ کہتا رہتا تو یہود مجھ کو گدھا بنا دیتے کسی نے پوچھا وہ کلمات کیا ہیں؟ تو انہوں بتایا اَعُوْذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ الَّذِيْ لَيْسَ شَيْءٌ اَعْظَمُ مِنْهُ وَ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ الَّتِيْ لَايُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ وَّ بِاَسْمَآءِ اللّٰهِ الْحُسْنٰى مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَ مَالَمْ اَعْلَمْ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ذَرَاءً وَ بَرَاءً

امراض ذہنی

ذہنی مریض کیسے کہتے ہیں؟ کیا ہر وہ شخص جو ناگوار باتوں پر تاؤ کھانے لگتا ہے- شدت غم میں رونے لگتا ہے کسی حادثے سے ڈر جاتا ہے یا کبھی کبھی مایوسی اور بیزاری کے دورے میں مبتلا ہوجاتا ہے یا کسی وقت غیر حقیقت پسندانہ نقطہ نظر اختیار کرکے مستقبل کے بارے میں خیالی منصوبے بنا کر ان میں غرق ہوجاتا ہے تو ایسے شخص کو ہم ذہنی یا نفسیاتی مریض کہہ سکتے ہیں؟ ہرگز نہیں- نارمل آدمی یا مریض میں فرق یہ ہوتا ہے کہ نارمل آدمی ہر قسم کے جذبات خوف' وہم' بیزاری' مایوسی' غصہ سب سے متاثر ہوتا ہے اور ان کا اظہار بھی کرتا ہے- مگر نارمل اور معمولی حدود میں- جب کہ ایب نارمل انسان یا مریض وہ ہے جو ناخوشگوار واقعات و حادثات اور تکلیف دہ تجربات کا گہرا اثر قبول کرتا ہے اتنا گہرا کہ وہ ان واقعات کو اگر ظاہراً بھول بھی جائے تو بھی ان واقعات کا اثر اس کے لاشعور میں پیوست ہوجاتا ہے- اور آہستہ آہستہ وہ ذہنی اور جسمانی امراض میں مبتلا ہوجاتا ہے- اب فرض کیجئے دو دوست کار میں جارہے ہیں راستے میں بس اور کار کا حادثہ دیکھتے ہیں- اس حادثہ کو دیکھ کر دونوں متاثر ہوتے ہیں دونوں کی کیفیت وقتی طور پر یکساں ہوتی ہے- دونوں ہی اس حادثے پر رنجیدہ اور غم زدہ ہوجاتے ہیں- لیکن وہ دوست جس کی ذہنی حالت نارمل تھی وہ چند روز میں اس حادثے کو بھلانے میں ناکام رہے گا- وہ بس کے سفر سے ڈرنے لگے گا- کسی سواری کی بجائے پیدل چلنا پسند کرے گا- نیز خواب میں بھی حادثات دیکھے گا اور خوفزدہ ہوجائے گا- یہاں پہنچ کر یہ سمجھ لینا چاہئے کہ حادثہ اس کے نفس میں پیوست ہوچکا ہے- اس مرحلے پر وہ دانستہ اس حادثے کو بھلانے اور خوف سے نجات پانے کی کوشش کرے گا تو ناکام رہے گا- خوف دوسرے ذرائع اختیار کرکے ظاہر ہوگا اور ذہن کے ساتھ ساتھ جسم بھی بیمار ہوجائے گا- جسمانی امراض میں اختلاج قلب' عصبی اختلال' دورے وغیرہ شامل ہیں تو یہ ہے ایب نارمل یا ذہنی مریض کی پہنچان- ذہنی امراض کی کوئی ایک قسم نہیں یہ مختلف قسموں کے اور مختلف نوعیتوں کے ہوتے ہیں ایک معالج ہی ان امراض کو پہچان سکتا ہے- وہی بتا سکتا ہے کہ مرض کی نوعیت کیا ہے؟ وہم ہے خبط ہے' مراق و مالیخولیا ہے یا ہیجان اضمحلال' گراں خوابی (خواب خرامی) نیورانیت یا اختراق شخصیت ان کے علاوہ احساس کمتری' احساس برتری' شک وغیرہ کا شمار بھی ذہنی امراض میں آتا ہے- مگر اس وقت جب انسان نارمل نہیں ہو اور ہر واقعہ کا اثر گہرائی میں جا کر قبول کرے-

ذہنی مریضوں کے علاج کا واحد طریقہ یہ ہے کہ ان کے ذہن اور نفس میں اتر کر دیکھا جائے کہ وہ کس حادثے کس واقعے اور کس سانحے سے متاثر ہوتے ہیں- کونسا جذبہ ان کے لاشعور میں پڑا سلگ رہا ہے اور اخراج کا راستہ تلاش کررہا ہے- کیونکہ اکثر ایسا ہوتا ہے مرض کی جڑ میں اتنی گہری ہوتی ہیں کہ مریض خود اصل واقعے (جس نے مرض کی بنیاد ڈالی ہوتی ہے) کو بھول چکا ہوتا ہے- مثلاً بچپن کا کوئی واقعہ یا والدین کی غلط تربیت یا ماحول بچہ کو متاثر کرتا ہے- عمر بڑھتی ہے تو واقعہ بچے کے ذہن سے نکل جاتا ہے- گھریلو ماحول اور والدین کی تربیت کو وہ دانستہ دوسروں سے (معالج سے بھی) چھپاتا ہے کہ وہ وقت گزر گیا اب اس کا ذکر کیا کرنا- ایسے مریض اگر دانستہ مرض کو چھپاتے ہیں تو اپنے ہی حق میں برا کرتے ہیں- کیونکہ مرض بڑھتا رہتا اور اپنا اخراج مختلف جسمانی اور ذہنی امراض کی شکل میں کرتا ہے اور اگر واقعی وہ مرض کی ابتداء کو بھول چکا ہے تو معالج تمام کیفیات کو سننے کے بعد اپنے اندازے سے کام لے کر مرض کا علاج کرتا ہے اور معالج کا انداز غلط نہیں ہوسکتا- کیونکہ ذہنی مریضوں کی گفتگو اور تحریر خود بتادیتی ہے کہ وہ کس مرض میں مبتلا ہیں- مرض کو پہنچان لینے کے بعد علاج آسان ہوجاتا ہے- فرض کیجئے ایک مریض ہے جس نے کسی جذباتی صدمہ کو دبایا تو اس کا علاج کیفیت معلوم ہونے کے بعد تحلیل نفسی یا تنویم کے ذریعہ کیا جاسکتا ہے اس طرح کہ جذباتی صدمے کو اسی جذباتی دھماکے کے ساتھ رونما کیا جائے- نفسیات کی زبان میں اس عمل کو عمل تطہیر نفس (Etharic Method) کہتے ہیں مثلاً کسی کو کوئی صدمہ پہنچا اور اس نے اس صدمے کو پی لیا- کسی سے اپنا دکھ بیان کیا نہ خود ہی کسی وجہ سے کھل کر رویا نہ افسردہ ہوا بلکہ اس واقعہ کو ذہن سے نکالنے کی کوشش کی- ظاہراً وہ اس کوشش میں کامیاب ہوجاتا ہے مگر اندرونی طور پر یہ جذباتی صدمہ اس کی شخصیت کو کچلنے کی کوشش کرتا ہے اور مرض کی ابتداء ہوجاتی ہے- مریض آدم بیزار ہوجاتا ہے یا مایوسی کے دورے پڑنے لگتے ہیں اعضاء شکنی ہونے لگتی ہے اور اس طرح کے دوسرے بہت سے مرض سر ابھارنے لگتے ہیں- ان مریضوں کا علاج مرض کو دیکھتے ہوئے کیا جاتا ہے کبھی کبھی ہلکا سا شاک یعنی صدمہ مریض کے سوئے ہوئے تمام جذبات کو بیدار کردیتا ہے اور مریض کھل کر جذبات کا اظہار کردیتا ہے یعنی رنج پہنچا ہوتا ہے تو رنجیدہ ہوجاتا ہے غم پہنچا ہو تو غمزدہ مگر اس کی یہ کیفیت عارضی ہوتی ہے کیونکہ دوسرا شاک اس کے پیچھے غم کو تازہ کرچکا ہوتا ہے اور وہ اس کا اظہار کھل کر کردیتا ہے تو اس کا یہ اقدام اسے صحت مندی کی طرف لے جاتا ہے اور آہستہ آہستہ وہ نارمل انسان بن جاتا ہے-

کچھ لوگ ذہنی مریضوں کے لئے مشقیں تجویز کرتے ہیں- یہ درست کہ مشقیں سکون بخش ہوتی ہیں مگر ہر ایک کے لئے نہیں کیونکہ کسی کو مشقیں راس آتی ہیں تو کسی کو نہیں- مشقوں کا راس آنا اور نہیں آنا- انسانی ذہن اور مزاج پر ہوتا ہے- پھر مرض کی نوعیت پر بھی ہوتا ہے- ہر مرض کا علاج

مشق نہیں۔ اگر مرض ابتدائی مرحلہ میں ہے تو مشقیں کسی حد تک سکون پہنچانے کا باعث بن سکتی ہیں اور اگر مرض کی جڑیں گہری ہیں تو مشقیں نقصان کا باعث بن جایا کرتی ہیں۔ اسی طرح کوئٹہ میں رہنے والے ایک صاحب کے ساتھ ہوا۔ وہ ذہنی مریض تھے۔ مرض جڑ پکڑ چکا تھا۔ ظاہراً (بقول ان کے) اچھی صحت کے انسان تھے مگر ذہن بیمار تھا اور بیماری بھی عجیب قسم کی تھیں۔ ہوتا یوں تھا کہ جب وہ کسی محفل طرب میں شریک ہوتے تو ذہن میں بڑے ہی المناک قسم کے نغمے گونجنے لگتے اور انہیں خوشی کی محفل غمی کی محفل معلوم ہونے لگتی اور طبیعت افسردہ ہوجاتی دل چاہتا کسی گوشے میں بیٹھ کر خوب آنسو بہائیں اور جب محفل غم میں جاتے تو دماغ میں خوشی کے نغمے گونجنے لگتے دل جھوم اٹھتا۔ بات بے بات پر ہنسی آتی یہ کیفیت اتنی غالب آجاتی کہ انہیں دنیاداری کی خاطر اس جگہ سے چلے آنے ہی میں عافیت نظر آتی۔ انہوں نے اپنی اس کیفیت کا ذکر مختلف لوگوں سے کیا (مگر مالجوں سے رجوع نہیں ہوئے) کسی نے انہیں مشق کرنے کو بتادی۔ انہوں نے توجہ کے ساتھ شروع کی لیکن چند ہی روز میں ذہنی کیفیت بگڑنے لگی اور ذہن نے ہر وقت ریکارڈنگ شروع کردی۔ کبھی غمی کے نغموں کی آوازیں سنائی دیتیں تو کبھی خوشی کے نغموں کی۔ اس کیفیت سے پریشان ہوکر انہوں نے مشقیں ترک کردیں۔ لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا بلکہ شب و روز کی نغمہ سرائی نے انہیں جسمانی طور پر بھی بیمار ڈال دیا تو اس قسم کے نقصانات کی کچھ وجوہات ہوا کرتی ہیں۔ ایک تو مرض کی نوعیت ہوتی ہے دوسرے ہمدردی و توجہ کا فقدان اور ذہنی مریض کو ہمدردی اور توجہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ دوا سے زیادہ معالج کا ہمدردانہ رویہ مریض کو صحت مند کرنے میں معاون و مددگار ثابت ہوتا ہے۔ اس کی بھی ایک وجہ ہوتی ہے اب آپ سوچیں گے کیا؟ تو مریض اور وہ ذہنی مریض انسان بنتا ہی اس وقت ہے جب اس کے جذبات کو کس قسم کی ٹھیس پہنچتی ہے۔ مثلاً کوئی صدمہ اس کے قلب کو ٹھیس پہنچاتا ہے یا کسی وجہ سے وہ محبت سے محروم ہوجاتا ہے۔ فرض کیجئے ایک گھر میں دو بچے ہیں ایک بچے سے والدین بہت زیادہ محبت کرتے ہیں تو یہ دوسرا بچہ ایک قسم کی احساس کمتری میں (اس موضوع پر پھر کسی وقت بحث کی جائے گی) مبتلا ہوجاتا ہے اس کا چھوٹا سا ذہن یہ سوچنے لگتا ہے کہ اس میں کوئی کمی ہے اسی وجہ سے والدین اسے نظر انداز کررہے ہیں۔ ادھر والدین کا رویہ وہی رہتا ہے اور وہ ایک بچے کو اہمیت دیتے اور دوسرے کو نظر انداز کرتے رہتے ہیں تو بچہ کے ذہن میں یہ بات پختہ ہوجاتی ہے کہ وہ دوسرے بچوں سے کمتر ہے اور یہیں سے مرض کی بنیاد پڑتی ہے۔ عام طور پر امراض ذہنی کا تعلق بچپن کے حالات اور واقعات سے ہوتا ہے بچہ سات سال سے لے کر چودہ سال تک کی عمر میں گھر کے حالات اور ماحول سے اثر انداز ہوتا ہے اگر اس عمر میں بچہ کو اچھا ماحول اور اچھی تربیت دی جائے تو نہ تو بچہ کسی ذہنی مرض میں مبتلا ہوسکتا ہے نہ پریشان کن حالات میں گھبراہٹ کا شکار ہوکر کوئی غلط قدم اٹھا سکتا ہے نہ راہِ فرار اختیار کرسکتا ہے ایک چھوٹی سی مثال ہے کہ ایک مکان کی بنیاد اچھی اور مضبوط رکھی جائے تو اس مکان کو معمولی دھماکوں سے کوئی نقصان نہیں پہنچ سکے گا۔ انسان کی حیثیت بھی ایک مکان کی سی ہے اس کی بنیاد جتنی مضبوط ہوگی مکان اتنا ہی مضبوط رہے گا۔ یہاں اگر فرق ہے تو صرف اتنا ہے کہ مکان کی مضبوطی کے لئے بجری، سیمنٹ اور پانی وغیرہ کی ضرورت ہوتی ہے اور انسان کے ذہن کی مضبوطی (بچپن میں کی جاتی ہے) کے لئے سلوک، ہمدردی، خلوص اور محبت کی ضرورت ہوتی ہے جو بچے بچپن میں ان چیزوں سے محروم رہتے ہیں ان کی شخصیت میں کسی نہ کسی قسم کی کمی واقع ہوجاتی ہے ہم ہسٹریا کے مریض کے ذہن کو ٹٹول کر دیکھیں تو ہمیں اس میں ماضی (یا بچپن) کا کوئی ایسا واقعہ ملے گا جس نے آگے چل کر ہسٹریا کے دوروں کی شکل اختیار کرلی ہوگی۔ اسی طرح لکنت کا مرض بچپن کے کسی واقعہ سے جڑ پکڑتا ہے۔ اکثر لوگوں کے ساتھ یہ ہوتا ہے کہ وہ تنہائی پسند ہوجاتے ہیں۔ محفلوں میں شریک ہونے سے گریز کرتے ہیں۔ اگر اتفاقیہ شریک ہوجانا پڑے تو دس پانچ آدمیوں کے درمیان بیٹھ کر وہ گھبرا جاتے ہیں پسینے چھوٹنے لگتے ہیں۔ ہاتھ پیروں میں لرزہ طاری ہوجاتا ہے۔ (باقی آئندہ)

علم نجوم کے مبتدیوں کیلئے
آسان ابتدائی کتاب

اسباق النجوم

اس وقت جس قدر کتب نجوم آپ کو ملیں گی۔ ان میں ابتدائی قواعد اس صورت میں مجموعی طور پر نہیں ملتے کہ کوئی شخص اس سے سیکھ سکے۔ پرانے اور فرسودہ طریقہ پر ہندوانہ اصطلاحوں سے بھرپور کتابیں ملیں گی۔ اس اہم کمی کو مدنظر رکھ کر ''اسباق النجوم'' کو مرتب کیا گیا ہے۔ یہ مبتدیوں کے لئے بہترین کتاب ہے۔ اس کائناتی سائنس کی تعلیم کے لئے میں نے مشرق و مغرب کے قدیم و جدید طریقوں سے کام لے کر ان اسباق کو ترتیب دیا ہے۔ ہمارے ملک میں ایک عرصہ سے ایسی کتاب کی ضرورت محسوس کی جارہی تھی جو علم نجوم کے ابتدائی اصول و قوائد جاننے میں مدد دے۔ نہایت غور و خوض سے آسان طریقہ اختیار کیا گیا ہے واقفان نجوم کو بھی اس سے اہم اور جدید معلومات ملیں گی۔ اس میں ۲۳ مندرجہ ذیل اسباق ہیں۔

(۱) کواکب (۲) بروج (۳) دائرۃ البروج (۴) بارہ گھروں کی تفصیل (۵) تشریحات بروج (۶) بروج کے منسوبات (۷) تقسیم کواکب کا نظریہ (۸) کواکب کی خاصیتیں (۹) شمسی طالع پڑھنا (۱۰) تقویم سے کام لینا (۱۱) ارضی وقت کیا ہے (۱۲) کواکبی وقت کیا ہے (۱۳) تسویۃ البیوت (۱۴) زائچہ کا پڑھنا (۱۵) کواکب کے درجات معلوم کرنا (۱۶) جدول یومیہ اعداد متناسب (۱۷) زائچہ میں کواکب کو پر کرنا (۱۸) نظرات (۱۹) کواکب زائچہ کے گھروں میں (۲۰) احکام لگانے کا طریقہ (۲۱) پیشینگوئیاں کرنا (۲۲) آثار البیوت (۲۳) بارہ بروج کی فلاسعی اور ان کے معانی۔

قیمت =/۴۷۵ روپے* محصول ڈاک علاوہ
طالع وقت کے جدید نقشے۔ جدید منسوبات اگر اس کتاب پر حاوی ہوگئے تو آثار النجوم کے حصص کو آسان سے سمجھ سکیں گے۔

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

ماہ اگست

نام ایام	اگست ۲۰۱۷ء	ذیقعد ۱۴۳۸ھ	ساون ۲۰۷۴ب	منقولی نمبر	توقیعات	درجہ برج	عین وقت	شمس در اسد	موضع قمر: برج	اوقات داخلہ	منازل	اوقات داخلہ	اشکال	حالات
منگل	۱	۸	۱۶	۱				۱۱	قوس	۱۷:۰۰				طرح
بدھ	۲	۹	۱۷	۲				۱۲			لغائم	۱:۳۸		
جمعرات	۳	۱۰	۱۸	۳	رجعت یونس			۱۳			بلدہ	۳:۳۸		
جمعہ	۴	۱۱	۱۹	۴				۱۴	جدی	۵:۳۶	ذابح	۵:۳۶		وبال
ہفتہ	۵	۱۲	۲۰	۵				۱۵			بلعہ	۷:۲۰		
اتوار	۶	۱۳	۲۱	۶				۱۶	دلو	۱۷:۱۵	سعود	۸:۵۱		
پیر	۷	۱۴	۲۲	۷	چاند گرہن ☾			۱۷			اخبیہ	۹:۵۶	○	استقبال
منگل	۸	۱۵	۲۳	۸				۱۸			مقدم	۱۰:۴۰		
بدھ	۹	۱۶	۲۴	۹				۱۹	حوت	۲:۵۵	موخر	۱۰:۵۸		حضیض
جمعرات	۱۰	۱۷	۲۵	۱				۲۰			رشا	۱۰:۵۰		
جمعہ	۱۱	۱۸	۲۶	۲				۲۱	حمل	۱۰:۲۱	شرطین	۱۰:۲۱		
ہفتہ	۱۲	۱۹	۲۷	۳				۲۲			بطین	۹:۲۶		
اتوار	۱۳	۲۰	۲۸	۴	رجعت عطارد، شرف قمر			۲۳	ثور	۱۵:۳۹	ثریا	۸:۱۰		شرف
پیر	۱۴	۲۱	۲۹	۵	یوم آزادی			۲۴			دبران	۶:۳۰		
منگل	۱۵	۲۲	۳۰	۶				۲۵	جوزا	۱۹:۰۵	ہقعہ	۴:۳۴	◓	ربع دوم فرح
بدھ	۱۶	۲۳	۳۱	۷				۲۶			ہنعہ ذراعہ	۲:۱۸ ۲۳:۴۹		
جمعرات	۱۷	۲۴	بھادوں	۸	اوج مریخ			۲۷	سرطان	۲۱:۱۲	نثرہ	۲۱:۱۲		ترفع
جمعہ	۱۸	۲۵	۲	۹				۲۸			طرفہ	۱۸:۲۸		
ہفتہ	۱۹	۲۶	۳	۱				۲۹	اسد	۲۲:۵۴	جبہۃ	۱۵:۴۶		
اتوار	۲۰	۲۷	۴	۲				۳۰			زہرہ	۱۳:۱۰		
پیر	۲۱	۲۸	۵	۳	شہادت امیر حمزہؓ سورج گرہن ✹			۳۱			صرفہ	۱۰:۴۸	●	اجتماع
منگل	۲۲	۲۹	۶	۴				۳۲	سنبلہ	۱:۲۴	عوا	۸:۴۶		اوج
بدھ	۲۳	۳۰	۷	۵	شمس در سنبلہ، نیا چاند ☾			سنبلہ			سماک	۷:۰۸		
جمعرات	۲۴	ذوالحجہ	۸	۶	یکم ذوالحجہ ۱۴۳۸ھ			۲	میزان	۶:۰۴	غفرہ	۶:۰۴		
جمعہ	۲۵	۲	۹	۷	زحل مستقیم			۳			زبانہ	۵:۳۳		
ہفتہ	۲۶	۳	۱۰	۸	زہرہ در اسد، قمر در عقرب			۴	عقرب	۱۳:۵۲	اکلیل	۵:۴۲		ہبوط
اتوار	۲۷	۴	۱۱	۹				۵			قلب	۶:۲۴		
پیر	۲۸	۵	۱۲	۱				۶			شولہ	۷:۴۲		
منگل	۲۹	۶	۱۳	۲				۷	قوس	۰۰:۴۷	لغائم	۹:۲۲	◒	طرح ربع اول
بدھ	۳۰	۷	۱۴	۳				۸			بلدہ	۱۱:۱۸		
جمعرات	۳۱	۸	۱۵	۴	رجعت عطارد در اسد، یوم الترویہ			۹	جدی	۱۳:۱۷	ذابح	۱۳:۱۷		وبال

کیا آپ کا برج اسد ہے؟

اگر ایسا ہے تو اپنی فطرت اور مقسومی حالات کو ذیل سے پڑھئے اور اپنے آپ کو سمجھئے۔

اسدی آدمی خوش مزاج ہوتے ہیں۔ ان کی مسکراہٹ بڑی آب و تاب والی ہوتی ہے اور طبیعت میں گرم جوشی ہوتی ہے۔ دوسروں کو متاثر اور محفوظ کرنا پسند کرتے ہیں۔ اپنے حاکم شمس کی مانند یہ بھی چمکنا اور ہر ایک کو اپنی روشنی سے منور کرنا چاہتے ہیں۔ انہیں اس سے کوئی غرض نہیں ہوتی کہ کون ان کی روشنی سے فیضایاب ہوتا ہے۔ بشرطیکہ فیض پانے والے انہیں سراہنے والے ہوں۔

اسد دائرۃ البروج کا پانچواں برج ہے اور آتشی بروج میں اس کا دوسرا نمبر ہے۔ یہ ثابت آتشی بروج ہے۔ اس کے جلنے کے عمل میں ایک مستحکم شدت ہوتی ہے۔ جو دوسرے دو آتشی بروج قوس اور حمل میں نہیں ہوتی۔ اسدی شخصیت کی گرم جوشی اور مقصد کی پختگی ہی عموماً انہیں ہر اس کام میں جس کا یہ انتخاب کرتے ہیں اپنے دوسرے ساتھیوں سے زیادہ کامیابی لاتی ہے۔ قدرتی طور پر ان میں ''باس'' مثلاً مینجنگ ڈائریکٹر بننے کی صلاحیت موجود ہوتی ہے۔ اس کی وجہ ان کی دوستانہ طبیعت ہوتی ہے۔ جس کا اظہار یہ اپنے دفتر کے ہر شخص سے روا رکھتے ہیں۔ چاہے کوئی مینجر ہو چاہے چپراسی۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے ماتحت بھی ہر موقع پر ان سے تعاون کی توقع رکھتے ہیں اور انہیں سراہتے ہیں۔ جب تک کہ اسدی آدمی ''باس'' رہتے ہیں نہ صرف وہ بلکہ ان کے اردگرد کے لوگ بھی خوش رہتے ہیں۔

زائچے کا پانچواں گھر ان تمام چیزوں کی نمائندگی کرتا ہے جن سے ہم محبت کرتے ہیں۔ دائرۃ البروج کا یہ وہ حصہ ہے جو بچوں اور سیر و تفریح پر حکومت کرتا ہے۔ اگرچہ اسدی افراد کے شاذ و نادر ہی زیادہ بچے ہوتے ہیں۔ تاہم یہ اپنے بچوں کی بے حد تعریف کرتے ہیں اور ان کے نزدیک ان کے بچے دنیا میں سب سے بہترین سب سے زیادہ ذہین اور ہوشیار بچے ہوتے ہیں۔ یہ اپنے بچوں سے کھیلنا پسند کرتے ہیں اور ان کی صحبت سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ بعض اوقات یہ معلوم کرنا مشکل ہوتا جاتا ہے کہ بچہ کون ہے اور باپ کون ہے۔

برج اسد تخلیق سے منسوب ہے۔ یہ تخلیق خواہ ہمارے جسم کی ہو یا ہمارے دل کی اور ذہن و خیالات کی ہو۔ ان سب کا تعلق اسد سے ہوتا ہے۔ مصوری، موسیقی، اداکاری اور فنون لطیفہ کے دیگر تمام شعبے اسد کے تحت آتے ہیں۔ چنانچہ اسی مناسبت سے آرٹسٹ، اداکار اور موسیقار وغیرہ پر بھی یہی برج حکومت کرتا ہے۔ اسدی افراد ہر اس پیشے میں نظر آتے ہیں۔ جس میں تخلیقی سوچ کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ دور رس اور عظیم الشان اسکیمیں جن سے بڑی تعداد میں لوگ متاثر ہوں پسند کرتے ہیں۔ لیکن تفصیلات میں جانا اور چھان بین کرنے کے لئے ٹھہرنا یا رکنا ناپسند کرتے ہیں۔ اسدی افراد تیزی سے آگے بڑھتے ہیں اور اپنے خیالات اور نظریات کی کامیابی کی تعریف سننا چاہتے ہیں۔ اپنے اطوار کے اعتبار سے یہ بچوں کی مانند ہوتے ہیں۔ ان کی اسی خصوصیت کی وجہ سے سب ان سے محبت کرتے ہیں اور زندگی سے متعلق ان کے خود بیں نقطۂ نظر کو معاف کر دیتے ہیں۔ دراصل یہ ''شاہی بچے'' ہوتے ہیں۔ یہ ہر بہترین چیز پسند کرتے ہیں اور ساتھ ہی یہ بھی محسوس کرتے ہیں کہ ہر بہترین چیز انہیں ملنی چاہئے یہ ان کا حق ہے۔

اسدی افراد خوشامد سے بہت جلد متاثر ہو جاتے ہیں اور اگر آپ ان سے کوئی کام لینا چاہتے ہیں تو اس کے لئے سب سے آسان ترکیب یہی ہے کہ ان کی خوشامد کی جائے اور آپ یہ دیکھ کر حیران رہ جائیں گے کہ وہ بالکل یہ سمجھ نہ پائیں گے کہ اس تعریف میں آپ کا کوئی مقصد پوشیدہ ہے۔ ان کے نزدیک ان کی عوامی شبیہہ بے حد اہمیت کی حامل ہوتی ہے اور ہر وہ چیز یا کام جو ان کی شبیہہ کو بہتر بنائے یہ اس میں بہت کشش محسوس کرتے ہیں۔ چنانچہ یہ آپ کے لئے جو کام بھی کریں انہیں اس کا اجر ضرور دیں۔

اسد شاہی برج ہے۔ بادشاہوں اور ملکاؤں کا برج ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسدی افراد کی عادات و اطوار میں شاہانہ انداز ہونے کے ساتھ ساتھ ایک طرح کی منکسر المزاجی اور شفقت بھی ہوتی ہے۔ بعض اوقات آپ یہ محسوس کریں گے کہ آپ کو محض

دائرۃ البروج	یہ پانچواں برج ہے
عرصہ پیدائش	جولائی ۲۳ تا اگست ۲۲ (اندازاً)
اصول	انتظامی صلاحیت، فطری قوت اور محبت کرنے والی فطرت
عنصر	آتشی
ماہیت	ثابت
برج کی علامت	شیر (جنگل کا بادشاہ)



دوست کی حیثیت سے قبول کر کے ہی یہ آپ کے ساتھ نیکی کر رہے ہیں- تاہم اسدی افراد جن لوگوں سے محبت کرتے ہیں ان سے متعلق بہت فیاضی و سخاوت کا اظہار کرتے ہیں تا کہ ان کے مداحوں کو ان کے جذبات کا علم ہو- جب کہ نجی زندگی میں تنگ ظرف اور سخت گیر ہو سکتے ہیں- لہذا بعض اوقات دیکھنے والے یہ سوچتے ہیں کہ ان کا دست نگر ہونے کے بجائے ان کا سامع بننا زیادہ بہتر ہے-

گھریلو زندگی میں یہ چاہتے ہیں کہ دوسرے مستقل ان کے منتظر رہیں اور ان کی تعریف کرتے رہیں- یہی وجہ ہے کہ ان کی شادی شدہ زندگی عموماً خوشگوار نہیں ہوتی ہے- انہیں جس مستقل تعریف و تحسین کی ضرورت ہوتی ہے وہ صرف چند بیویاں ہی کر سکتی ہیں- اسد محبت اور محبت کے معاملات کا برج ہے- چنانچہ اسدی افراد بڑے پُر جوش اور مستعد عاشق ہوتے ہیں- اپنی شریک زندگی کو بڑے بڑے مہنگے ہوٹلوں میں لے جا کر اپنے ذوق اور امارت کی نمائش کرنا پسند کرتے ہیں- آتشی برج ہونے کی وجہ سے انہیں اپنے آپ کو سرگرم رکھنے کے لئے آگ کی ضرورت ہوتی ہے- چنانچہ اگر یہ دوسرے سے عزت اور تعریف نہ کروا سکیں، دوسروں کی محبت حاصل نہ کر سکیں تو یہ اچانک سرد پڑ جاتے ہیں اور بالکل خاموش ہو جاتے ہیں- یہ بے حد خود پسند ہوتے ہیں اور بدترین زخم جو آپ ان کو لگا سکتے ہیں وہ یہ کہ ان کی انا کو مجروح کریں- یہ ایسا زخم ہے جسے وہ کبھی معاف نہیں کرتے-

محبت کے معاملے میں اسدی افراد شکاری ہوتے ہیں اور شکار کا پیچھا کر کے بے حد لطف اٹھاتے ہیں- لیکن اگر یہ سمجھنے لگیں کہ پیچھا کرنے کا مقصد فوت ہو گیا ہے تو وہ فوری طور پر کسی اور کی تلاش میں مصروف ہو جاتے ہیں- جنس مخالف میں مقبولیت ان کی خود پسندی کو تسکین دیتی ہے- اس جذبے کی تسکین ان کے لئے بے حد ضروری ہوتی ہے- اسدی افراد اگر اپنے آپ کو ناکام تصور کرنے لگیں تو بے حد ناخوش رہنے لگتے ہیں- جس کا اثر صرف ان پر ہی نہیں بلکہ ان کے گھر والوں اور دوستوں پر بھی پڑتا ہے- وہ متکبر اور ترش رو ہو جاتے ہیں اور دوسروں کی توجہ حاصل کرنے کی کوشش میں لگے رہتے ہیں- چاہے یہ توجہ ناپسندیدگی کا اظہار ہی لئے ہوئے ہو- مگر انہیں اس کی خواہش ہوتی ہے-

شادی شدہ اسدی عورتیں مہربان اور خوش مزاج ہوتی ہیں- یہ مہمانوں کی خاطر تواضع کرنا اور اپنے خوبصورت گھر اور خوبصورت بچوں کی نمائش کرنا پسند کرتی ہیں- ان کی پوری کوشش ہوتی ہے کہ چھوٹے سے تلاب میں سب سے بڑی مچھلی یہی ہوں یہ چاہتی ہیں کہ پورا خاندان بلکہ سارا معاشرہ ان سے امیدیں وابستہ رکھے اور ان کی تعریف کرتا رہے- جواب میں یہ بھی ان کی امیدوں پر اترنے کی پوری کوشش کریں گی- اپنی شخصیت کی تمام تر گرم جوشی اور روشن مسکراہٹ کے ساتھ چھوٹے بچوں سے پھولوں کا گلدستہ وصول کرنے اور اسٹیج پر شاہانہ انداز میں تقریر کرنے کی شائق ہوتی ہیں- اسدی عورتیں ہمیشہ بڑا گھر پسند کرتی ہیں تا کہ خاندان کے لوگ آ کر با آسانی ٹھہر سکیں- حالانکہ یہ گھریلو قسم کی عورتوں میں سے بالکل نہیں ہوتیں- لباس کے معاملے میں یہ خوبصورت، چمکتے دمکتے رنگوں کے لباس پسند کرتی ہیں- ایک مہنگا اور اچھے ڈیزائن کا لباس خریدنے کے بجائے یہ بہت سے چمکتے ہوئے اور زندگی کا احساس دلانے والے لباس خریدنے کو ترجیح دیتی ہیں-

جیسے ہی سورج آسمان پر آب و تاب سے چمکتا ہے- اسدی افراد کی کوشش ہوتی ہے کہ وہ مختصر سے مختصر لباس پہنیں یہ وہ لوگ ہوتے ہیں جو سمندر کے کنارے تمام دن دھوپ میں لیٹے رہنے اور سورج کی شعاعوں کو جذب کرتے رہنا پسند کرتے ہیں- گرمی کے موسم میں ان کا مناسب لباس نظر آنا خاصا مشکل ہوتا ہے-

اسدی عورتیں زیورات اور فر کی شوقین ہوتی ہیں اور اگر سچے زیورات خریدنے کی استطاعت نہ ہو تو نقلی زیورات سے ہی شوق کی تسکین کرتی ہیں-

اسدی لڑکیاں عموماً بہت خوبصورت ہوتی ہیں بری بڑی گول اور نیلی آنکھیں اور بال عموماً لمبے اور سنہری ہوتے ہیں- یہ کہنے کی قطعی ضرورت نہیں کہ ان کا مقصد اپنے گروہ کی سب سے مقبول لڑکی بننا ہوتا ہے- ان کے بے شمار ملنے جلنے والے ہوتے ہیں اور یہ اعلیٰ درجہ کی پارٹیوں میں شرکت کرتی ہیں- گھوڑوں کی بے حد شوقین ہوتی ہیں- گھڑ دوڑ دیکھنے کا موقع ملے تو بے حد خوش ہوتی ہیں- (گھڑ دوڑ دراصل شاہی کھیل ہے اور جیسا کہ پہلے بتایا جا چکا ہے- کہ یہ شاہی برج ہے) اسدی لڑکیاں کم عمری میں کبھی کبھار ہی شادی کرتی ہیں تاہم ایک بار جو فیصلہ کر لیں اس پر قائم رہتی ہیں- ان کی سب سے بڑی مشکل موزوں شخصوں کا انتخاب ہوتی ہے- اگر

ایک شخص ان کی امیدوں پر پورا نہ اترے تو اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کیونکہ دوسرا امیدوار بھی موجود ہوتا ہے۔ لیکن اگر کوئی شخص یہ سوچ کر کہ وہ مسابقت کو پسند نہیں کرتا انہیں چھوڑ دے تو ان کی انا بے حد مجروح ہوتی ہے۔

برج اسد کا تعلق زندگی سے ہے۔ اس برج کا حاکم شمس زندگی اور حرارت بخشتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسدی افراد کی گرم جوشی اور قوت عمل دوسروں میں بھی حرارت پیدا کر دیتی ہے اور ان کی موجودگی دوسروں میں تر و تازگی پیدا کر دیتی ہے اور شفا بخشی کا کام کرتی ہے۔ جس طرح زمین پر زندگی سورج کی وجہ سے ہے اسی طرح اسدی افراد کی قوت عمل دوسرے انسانوں کو اپنا سفر جاری رکھنے کے لئے طاقت اور امید فراہم کرتی ہے۔ جسم انسانی میں یہ برج دل پر حکومت کرتا ہے۔ دل ہی اسدی افراد کے مسائل کی جڑ ہے۔ عمر بڑھنے کے باوجود یہ اپنے آپ کو جوان ہی خیال کرتے ہیں۔ لہذا ہائی بلڈ پریشر، دل کی تکلیف اور نظام دوران خون کی شکایات ہو جاتی ہیں۔ اپنے دل کے لحاظ سے اور اپنے اندازوں کے لحاظ سے یہ تو ہمیشہ ہی اپنے آپ کو نوجوان سمجھتے ہیں۔ لہذا گزرتے ہوئے وقت کی تلخ حقیقت کو قبول کرنا ان کے لئے بے حد مشکل ہوتا ہے۔

شادی کے لئے اسدی افراد عموماً دلو سے متعلقہ افراد سے متاثر ہوتے ہیں۔ جن کی سرد قسم کی علیحدگی پسندی ان کے آتشی مزاج کے لئے ایک چیلنج ہوتی ہے۔ تاہم ان دونوں بروج سے متعلقہ افراد کی شادی خوشگوار ثابت نہیں ہوتی ہے۔ کیونکہ یہ دونوں اپنے اپنے راستوں پر چلنا پسند کرتے ہیں۔ ساتھ رہنے کے لئے ان کی دلچسپیاں یکساں ہونی چاہئیں۔ مثلاً تھیٹر، فلم سیاست یا فنون لطیفہ میں اگر دونوں کو دلچسپی ہو تو ساتھ رہنا ممکن ہوگا۔ اسدی افراد دوسرے آتشی بروج سے متعلقہ افراد یعنی حملی اور قوسی افراد سے بھی متاثر ہوتے ہیں تاہم شادی کے لئے یہ امتزاج زیادہ بہتر ثابت نہیں ہوتا۔ دوسرے دو بادی بروج، جوزا اور میزان سے متعلقہ افراد میں بھی اسدی افراد دلچسپی لیتے ہیں اور ان کے ساتھ زندگی اچھی گزرتی ہے۔

پتھروں کے سحری خواص

یہ ایک ایسی کتاب ہے جو دور حاضر کی اہم ضرورت سے تعلق رکھتی ہے۔ ہر شخص اس بات کا خواہشمند ہوتا ہے کہ وہ اپنے مقسومی جوہر کو جانے، اسے پہنے اور فائدہ اٹھائے۔ ۱۲۷ جواہر کے اقسام، رنگ، خواص اور ماہیت عجیبہ خواص سحری اور فوائد

- جواہرات کا کواکب سے تعلق
- حصول برکات کیلئے جواہرات پہننے کا طریقہ
- جواہرات کے متعلق اعتقادات اور حقائق
- برتھ اسٹون یعنی اپنا مقسومی نگ معلوم کرنا
- نحوست دور کرنے والے اور شفایابی کے جواہر

دور حاضر کی مفید ترین کتاب
جس کا ہر گھر میں ہونا سودمند ہے۔
قیمت =/۲۸۰ روپے۔ علاوہ محصول ڈاک

اوراق پبلشرز کراچی

قدیم علوم کا سائنٹیفک نظریہ
ان کے ذاتی تجربات اور اصل حقائق و اثرات
سعادت و نحوست کا حساب، حیرت و تجسس پر مبنی ناول

تاشون

تحریر: شازلی سعید مغل

۴۵۰ صفحات

برصغیر میں علمِ تسخیر کے بانی حضرت کاش البرنیؒ کی عاملیت و کاملیت، روحانیت، محبت، تصوف اور دوسری دنیا کے تجربات و مشاہدات پُراسراریت کے نت نئے راز کھولتا ایک سحر انگیز ناول جس کے مرکزی کردار حضرت کاش البرنیؒ "بنام" "تاشون" ہیں

Postage Rs: 50

اپنا آڈر ان نمبروں پر بک کروائیں
021-34949944
021-32018699
0333-7202964
یا قریبی بکسٹال سے خرید فرمائیں

قیمت: ۵۰۰ روپے

ابھی رابطہ کر کے اپنی کاپی بک کروائیں یا اپنے قریبی بکسٹال پر اپنا آڈر بک کروائیں۔

Auraq Publishers, Ibrahim market, PIB Colony, Karachi 74800

آپ کی تاریخ پیدائش کے ساتھ برج اور ستارہ دیا گیا ہے- اس کے تحت اس ماہ کے حالات پڑھیں- اگر تاریخ پیدائش معلوم نہ ہو تو نام کے پہلے حرف اول کے تحت پڑھیں

برج حمل۔ستارہ مریخ

حروف:- ا۔ل ۔ع ۔ی

پیدائش:- مارچ ۲۱ تا اپریل ۲۰

اس ماہ کام اور کاروبار پر اثر پڑے گا۔ والدین، شریک زندگی اور بچوں کی صحت پر خاص خیال کریں۔

مریخ زائچے کے پانچویں گھر میں رہے گا۔ اس کی موجودگی پیشہ وارانہ سرگرمیوں اور طویل المعیاد منصوبوں کی موافقت میں ہوگی۔ مریخ ان افراد کی بھی موافقت میں ہوگا جو انعامی اسکیموں، کھیلوں اور مقابلوں میں حصہ لینے کے شوقین ہیں۔ تاہم ۷، ۱۴، ۲۸ تاریخ کو محتاط رہنا چاہئے کیونکہ ان دنوں حادثات پیش آنے کے امکانات ہیں اور غلطیاں بھی کر سکتے ہیں۔ مریخ محبت کے معاملات میں بہتری کی نشاندہی کر رہا ہے۔ غیر شادی شدہ افراد اور خاص طور پر لڑکیوں اور عورتوں کے لئے شادی ونسبت کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ یہ وقت گوں ناگوں واقعات لائے گا۔ کوئی دعوت، مختصر سفر یا اتفاقیہ ملاقات بہت اہمیت کی حامل ثابت ہوسکتی ہے۔ اس سلسلے میں ۲، ۱۲، ۱۷، ۲۱، ۲۶، ۳۱ تاریخ اہم ثابت ہوگی اور یہ تاریخیں خوشگوار اور تعجب انگیز باتیں لاسکتی ہیں۔ اس ماہ کے وسط میں پڑوسیوں، قریبی ملنے جلنے والوں اور رشتہ داروں کے معاملات کی جانب زیادہ تر توجہ رہے گی اور زیادہ وقت انہی پر صرف ہوگا۔

۱۱ تاریخ کو شمس مشتری کی تسدیس ہوگی یہ دن اس لحاظ سے مفید ہوگا کہ آپ کاروبار میں کسی کو شریک کر رہے ہیں یا کسی کی طرف سے میراث یا ترکہ ملنے کی توقع ہے یا اپنی شریک کے روپے سے اپنے کاروبار کو ترقی دے رہے ہیں تو اس ماہ کا پہلا ہفتہ منافع بخش ثابت ہوگا۔ آپ کے کاروبار میں نئے مواقع لائے گا۔ ملازمت میں ترقی اور نئے رجحانات سے روشناس کروائے گا۔

زہرہ ۲۷ تاریخ تک زائچے کے چوتھے گھر میں رہے گا۔ اس گھر پر باقوت کواکب کا دباؤ ہے۔ گھریلو اور خاندانی معاملات پر خوش قسمت اور موافق اثر مرتب کر رہا ہے۔ ان معاملات میں اگر حال ہی میں کوئی زبردست تبدیلی آئی ہے یا والدین اور بچوں کے درمیان کوئی اختلاف یا تنازعہ پیدا ہوا ہے تو اب حالات بہتر ہو جائیں گے۔ کواکبی رجحانات اس بات کی نشاندہی کر رہے ہیں کہ اکثر افراد موجودہ رہائش کو بہتر بنانے یا گھر تبدیل کرنے کے متعلق سنجیدگی سے غور کریں گے۔ گھر کی ازسرنو آرائش اور گھر میں چند نئی اشیائے تعیشات کے اضافہ اور اپنے آس پاس کے ماحول کو بہتر بنانے کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ اس ماہ جائیداد کے لین دین کے معاملات خوش اسلوبی سے انجام پاجائیں گے اور وہ افراد جو گھر تبدیل کرنا چاہتے ہیں یا رہائش کے لئے بہتر جگہ کی تلاش میں ہیں ان کے لئے یہ ماہ بہت خوش قسمت ثابت ہوگا۔ گھریلو معاملات اور جائیداد کے معاملات کے لئے اس ماہ کی ۹، ۱۴، ۱۹، ۲۴، ۲۹ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔

۱۷ تاریخ کو زہرہ مشتری کی تربیع ہوگی۔ یہ وقت خاص طور پر روزگار، ملازمت کے حصول، اور جاہ طلبی میں پریشانی آئے گی۔ ترقی کے امور کو اس وقت آگے بڑھائیں۔ والدین کے ساتھ حکمت عملی سے پیش آئیں۔ پیشہ وارانہ معاملات کو آگے بڑھائیں، نئے رجحان اور شعور آگاہی کے ساتھ کام کرکے ہی اپنی صلاحیتوں کو منوانے کا موقع ملے گا۔ سماجی سرگرمیوں، رفاہ عامہ کے کاموں سے متعلق پروگراموں کے ذریعے مالی مقاصد کے حصول کی کوشش بھی باآور ثابت ہوگی۔

عطارد زائچے کے چھٹے گھر میں ۱۴ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ چنانچہ یہ وقت سوشل ملاقاتوں، روزمرہ کے معمولات میں تبدیلی لانے اور پرانے دوستوں سے تعلقات کی تجدید کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ اس وقت آپ کی زیادہ تر توجہ فاضل اوقات کی سرگرمیوں کی طرف رہے گی اگر ان سرگرمیوں کو وسعت دینا چاہتے ہیں یا نئے خیالات پر عمل کرنا چاہتے ہیں تو یہ وقت ان مقاصد کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ اگر فنڈ زجمع کرنے والی سرگرمیوں، کھیلوں اور ایسے مقابلوں میں حصہ لینے کے شوقین ہیں جن میں جیتنے کے لئے خوش قسمتی کی ضرورت ہوتی ہے تو یہ وقت ان معاملات کے لئے موافق ثابت ہو گا۔ ۴، ۱۴، ۱۸، ۲۲، ۲۶، ۳۱ تاریخ خاص طور پر موافق ثابت ہو گی۔ تاہم ۹، ۱۶، ۲۹ تاریخ کو ان سرگرمیوں سے دور رہیں کیونکہ ان دنوں عطارد غیر موافق نظر قائم کرے گا۔ وہ افراد جو تعلیم اور تدریسی سرگرمیوں میں ملوث ہیں اس وقت ترقی کا موقع ملے گا۔ بچوں کی صحت اور بہتری سے متعلقہ تمام معاملات کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا اگر آپ کے بچے ہیں تو اس وقت ان کی وجہ سے خوشی کا موقع ملے گا۔ وہ افراد جو اپنی صلاحیتوں کو بہتر بنانا چاہتے ہیں یا تعلیمی قابلیت میں اضافہ کرنا چاہتے ہیں تو اس ماہ فائدہ اٹھائیں۔

اس ماہ قریبی افراد کی باتوں سے مخالفت کی سوچیں ابھریں گی، محبت کے تعلقات بگڑ جائیں گے۔ جائیداد کے معاملات اور گھر کی تبدیلی کے لئے یا اگر گھر کی تلاش میں ہیں تو یہ وقت خوشی کا باعث ہوگا۔

زہرہ ۲۷ تاریخ تک زائچے کے تیسرے گھر میں رہے گا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی رشتہ دار اس ماہ کے دوران کسی وقت سیر و تفریح اور خوشی کا موقع فراہم کرے گا۔ شاید کسی ایسے رشتہ دار سے ملنے کا موقع ملے گا جس سے ملاقات ہوئے عرصہ ہو چکا ہے۔ یا پھر کسی رشتہ دار کی زندگی میں خوشگوار نوعیت کے واقعات وقوع پذیر ہونگے۔ یعنی کوئی ایسی بات ہو گی جو خوشی اور تقریب کا موقع فراہم کرے گی۔ اگر حال ہی میں قریبی رشتہ داروں یا پڑوسیوں یا قریبی افراد سے اختلافات پیدا ہوئے ہیں تو انہیں دور کرنے میں بھی زہرہ آپ کی مدد کرے گا اور ماحول میں امن وسکون اور ہم آہنگی پیدا کرنے میں مدد کرے گا۔ اختلافات اور اسی نوعیت کی دوسری مشکلات اب جلد دور ہونے لگیں گی۔ زہرہ ۹، ۱۴، ۱۹، ۲۴، ۲۹ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ لہذا ان دنوں سیر و تفریح، کسی شادی میں شریک ہونا یا اپنے شریک کا ساتھ سفر کرنے میں خوشگوار رہے گا۔

۱۱ تاریخ کو شمس مشتری کی تسدیس ہوگی یہ وقت آپ کے محبت کے معاملات کو ابھارے گا۔ ہوسکتا ہے کہ قریبی عزیز و اقارب میں آپ کا رشتہ طے پا جائے یا شادی ہو جائے۔ اس وقت اکثر افراد کسی نہ کسی طرح ان معاملات میں ملوث ہونگے۔ قریبی افراد سے مشورہ لے کر کسی بھی جگہ روپیہ لگانا بھی مفید ثابت ہوگا۔ تعلیمی معاملات میں بچوں کے لئے بھی آپ کو ممکنہ اقدامات کرنے پڑیں گے تاکہ مستقبل کے لئے ان کی راہ متعین کر سکیں۔

مریخ زائچے کے چوتھے گھر میں رہے گا۔ کچھ مشکلات اور پریشانیوں سے واسطہ پڑے گا مگر یہ باقوت انداز میں مسائل کو سلجھانے میں مددآور ثابت ہوگا۔ مریخ کی اس گھر میں موجودگی سے گھر میں حادثات پیش آنے کا بھی خطرہ ہے۔ لہذا اگر گیس یا بجلی کے آلات میں کچھ خرابی ہے تو کسی بھی قسم کا خطرہ ہرگز مول نہ لیں۔ مریخ کی اس گھر میں موجودگی گھریلو اور خاندانی تعلقات کو مضبوط بنانے مدد نہیں دے گی۔ اگر گھر میں کوئی دعوت یا کسی فنکشن کا انعقاد کرنا ہے تو اس مقصد کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ اس ماہ کسی سنجیدہ شخص کو تنگ یا اس سے مذاق رشتوں میں خرابی لاسکتا ہے۔ اس ماہ اپنی ذہنی و جسمانی صحت کی طرف توجہ دیں، زیادہ محنت آپ کی کمزوری کو سامنے لے آئے گی۔ یہ وقت ان افراد کی موافقت میں ہوگا جو گھریلو حالات میں اہم تبدیلیاں لانا چاہتے ہیں۔ اگر آپ جائے رہائش کی تبدیلی کے متعلق سوچ رہے ہیں مگر شک و شبے اور تذبذب کا شکار ہیں تو مثبت رویہ اختیار کریں اور جو بھی فیصلہ کرنا ہے واضح سوچ کے ساتھ کریں۔ مریخ ۲، ۱۲، ۱۷، ۲۱، ۲۶، ۳۱ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔

۱۷ تاریخ کو زہرہ مشتری کی تربیع ہوگی اس دن کے نزدیک کاروباری معاملات یا قانونی اور آفیشل امور میں کوئی نہ کوئی بات پریشانی کا باعث بنے گی۔ ایسے کام جو بیرون ملک سے متعلق ہونگے ان میں کسی شخص کے ذریعے نقصان ملے گا۔ تاہم کاروباری مقابلے کے لوگوں سے بھی ہوشیار رہیں۔ ان دنوں جو خفیہ معاہدات ہونگے وہ بھی آگے مسائل کا باعث بن سکتے ہیں

عطارد زائچے کے پانچویں گھر میں ۱۴ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ اس گھر میں موجودگی قریبی لوگوں کے ساتھ رابطے، میل جول بڑھانے اور تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی کوشش کریں یہ آپ کی امیدوں کی تکمیل کروائے گا۔ اس ماہ سفر بھی خوشگوار ثابت ہونگے۔ تحریری کام، اخبارات و رسائل کے ذریعے ادبی حلقوں میں اپنے آپ کو روشناس کروانے میں مدد ملے گی۔ اس وقت آپ کی سوچ اور تعلقاتی ذرائع الگ طرح سے کام کریں گے۔ زیادہ تر قسمت کے نمبر، بانڈ کے نمبر اور بیرونی کرنسی کے حصول میں دلچسپی لیں گے اور اس میں انوسمنٹ کر کے اپنے مال و اسباب کو تیزی سے بڑھانے کی کوشش فائدہ دیں گی۔ عطارد کی موجودگی میں جو خط و کتابت ہوگی اس کا جواب ضرور ملے گا۔ ملازمین کے ساتھ بہتر رابطے کام کی رفتار کو تیز کردیں گی۔ تاہم جسمانی صحت کی طرف سے پوری طرح آگاہ ہونا ضروری ہے۔ اپنی ذہنی و جسمانی قوت کو بڑھانے کی ضرورت ہو گی۔ عطارد ۴، ۱۴، ۱۸، ۲۲، ۲۶، ۳۱ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

برج جوزا۔ ستارہ عطارد

حروف:- ک۔ق

پیدائش:- مئی ۲۲ تا جون ۲۱

اس ماہ جوزاوی افراد کو اپنی دلچسپیوں سے روپیہ کمانے کی خواہش کو عملی جامہ پہنائیں گے۔ ہر کام دوسروں سے مل کر مکمل کر سکنے کی پوزیشن میں ہونگے۔

عطارد چوتھے گھر میں ۱۴ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ رشتہ داروں اور گھر کے افراد کے درمیان کئی معاملات حل طلب ہونگے اس ماہ ایک دوسرے سے رابطے مفید ثابت ہوں گے۔ ضرورت سے زائد کاموں کو فوری طور پر مکمل کرنے کا رجحان رہے گا۔ والدین سے متعلقہ گھر یا جائیداد، حسابات یا تحریری کاموں کے سلسلے میں پیش رفت بہتر رہے گی۔ اگر گھر تبدیل کر رہے ہیں یا گھر کو از سر نو ترتیب دینا چاہتے ہیں تو اس وقت کھلے ذہن کے ذریعے اور آرٹسٹک خیالات کو بروئے کار لاتے ہوئے بہتر پلاننگ کر سکیں گے۔ روزمرہ کے سفر بہتر رہیں گے۔ اس ماہ کے تیسرے ہفتے میں ذہنی رجحان اور خیالات تیزی سے تبدیل ہو جائیں گے۔ آپ کے اندر جوش و جذبہ حصول مال کے لیے بڑھ جائے گا۔ نئی پلاننگ اور حکمت عملی کریں۔ اپنے وقت کو قیمتی جانیں اور جو ہو سکتا ہے وہ کام کریں۔ محبت کے معاملات، اولاد سے متعلقہ تعلیمی سرگرمیوں اور کھیلوں سے متعلق امور میں بہتری سے واسطہ پڑے گا۔ یہ وقت ایسا ہے کہ جب آپ اپنی سوچوں کو ایک جگہ مرکوز کر سکیں گے۔ لہذا منتشر خیالات سے ذہنی دباؤ، چڑچڑاپن اور کئی طرح کے معاملات اور دردسری کو دور کر سکیں گے۔۔ عطارد ۴، ۱۴، ۱۸، ۲۲، ۲۶، ۳۱ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

۱۱ تاریخ کو شمس مشتری کی تسدیس ہوگی۔ تعلقات سے کاروبار میں ترقی ہوگی۔ زمین کی خرید و فروخت میں منافع ملنے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ ملازمت میں ترقی، تنخواہ یا الاؤنس میں اضافہ بھی ممکن ہوگا۔ اگر آپ نے قرضہ لینے کی درخواست کی تھی جو کسی وجوہ کی بنا پر رکی رہی اب اس ماہ کے کواکب آپ کی پوری مدد کریں گے اور ہر طرح سے آپ کی بات سنی جائے گی اور گفت شنید سے سارے مسئلے حل کر لیں گے۔

مریخ زائچے کے تیسرے گھر میں موجود رہے گا۔ رشتہ داروں، تعلیمی معاملات اور تحریری کاموں میں غیر ضروری پریشانی سے واسطہ پڑے گا۔ اس ماہ قریبی رشتہ داروں کے ہاں آنا جانا رہے گا مرتبہ کے لحاظ نہ رکھنے کی وجہ سے شدید تنقید ہوگی۔ قریبی دوستوں کے ساتھ دوران سفر جھگڑا ہو سکتا ہے۔ اس ماہ سب سے زیادہ نزدیکی رشتہ اہمیت اختیار کر جائے گا۔ نوجوان افراد کھیل، قوت و شجاعت والے امور میں دلچسپی لیں گے۔ دماغی قوت والے کام میں زیادہ مصروف رہیں گے۔ تحریری کاموں میں دلچسپی لے کر اخبار یا کسی رسالہ میں شامل ہونگے۔ کھیل اور ورزش کے ذریعے جسمانی و ذہنی نشوونما ہوگی۔ مریخ ۲، ۱۲، ۱۷، ۲۱، ۲۶، ۳۱ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ تاہم ۷، ۱۴، ۲۸ تاریخ کو محتاط رہنا ہوگا۔ جب یہ ناموافق ہوگا۔

۱۷ تاریخ کو زہرہ مشتری کی تربیع ہوگی۔ اس دن کے نزدیک گھریلو مسائل اور خاندانی جائیداد سے متعلق امور میں اختلافات جنم لیں گے۔ اس کے علاوہ ذریعہ آمدنی میں کمی کے باعث چڑچڑاپن اور ذہنی سکون ختم ہو سکتا ہے۔ اس وقت بچت کرنے والی اسکیموں کی طرف متوجہ ہوں۔ شریک یا والدین سے مدد کی توقع نہ رکھیں یہ وقت ایسا ہے کہ بھرپور محنت کر کے اور اپنے ذرائع آمدن کو بڑھانے کے لئے نئے راستوں کو تلاش کریں۔ اپنے جدت پسند خیالات سے جلد بازی میں رقم ضائع مت کریں۔

زہرہ ۲۷ تاریخ تک خانہ مال میں رہے گا۔ اس دوران آپ کی سوشل سرگرمیوں پر اہم اثرات مرتب کرے گا۔ شخصیت میں کشش پیدا ہونے کے نتیجے میں نئے مداح اور دوست زندگی میں داخل ہونگے وہ افراد جن کے نزدیک محبت کے معاملات سب سے زیادہ اہم ہیں ان معاملات میں غیر معمولی بہتری لائے گا۔ اگر آپ غیر شادی شدہ ہیں تو کسی بہت اہم شخصیت سے ملاقات کرائے گا۔ خانہ مال جس کا تعلق آمدنی اور لین دین سے متعلق ہے۔ اگر اس وقت کسی مالی پریشانی کا سامنا ہے تو مالی گھر میں زہرہ کی موجودگی اس پریشانی کو دور کر دے گی۔ اور اس ماہ کے ختم ہونے سے قبل اپنے آپ کو زیادہ محفوظ اور مستحکم حالت میں پائیں گے۔ یہ وقت خریداری کے لئے بہت موافق ثابت ہوگا۔ خاص طور پر اس صورت میں کہ جب آپ فیشن کے مطابق چلنے والے ہوں یا اپنی شخصیت کو پرکشش بنانے پر روپیہ صرف کرنا چاہتے ہوں تو اس وقت سے ضرور فائدہ اٹھائیں۔ مالی معاملات کے لئے ۹، ۱۴، ۱۹، ۲۴، ۲۹ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔ خاص طور پر یہ تاریخیں ان افراد کے لئے موافق ثابت ہونگی جو بہتر آمدنی والی ملازمت کی تلاش میں ہیں۔ یا جو اپنی خاص صلاحیتوں سے زیادہ نفع بخش انداز میں فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔ تو آپ کو آگے بڑھنے کے مواقع میسر آئیں گے۔ اور تسلی بخش ترقی کریں گے۔

المعتصر

یہ ایک مختصر اسلامی تاریخ ہے۔ جس سے ہر مسلمان کا آگاہ ہونا ضروری ہے۔ پیدائش رسول مقبول ﷺ سے لے کر دور امیہ تک کے ہر سال کی ہر تاریخ کے واقعات بیان کئے گئے ہیں اور خلفائے راشدین کے دور کے متعلق پوری تفصیل دی گئی ہے۔ آخر میں اہم شجرے ہیں۔ جن سے ہمیں مذہب کے فرقوں کی اصلیت کا پتہ چلتا ہے۔ (قیمت =/۱۵۰ روپے)

اوراق پبلشرز کراچی

برج سرطان۔ ستارہ قمر

حروف:۔ ح۔ہ

پیدائش:۔ جون ۲۲ تا جولائی ۲۳

یہ ماہ زائد مصروفیت لائے گا۔ اپنے ذاتی روپیکی طرف سے کچھ مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ روزگار کے کاموں میں سست روی آئے گی۔ جس کی وجہ سے معمول سے زیادہ بے چینی اور بے صبری بھی ہوگی۔

مریخ خانہ مال میں رہے ہو گا۔ یعنی کاروباری روپیہ کے لین دین میں احتیاط رکھنے کی ضرورت ہوگی۔ اس ماہ آپ فراست اور حکمت کا مظاہرہ کریں گے۔ حالات جہاں روپیہ کمانے میں پوری مدد کرتے ہیں وہاں آپ کا اچھا انتخاب ذہنی قوت اور قابلیت کو ظاہر کرتا ہے۔ اس ماہ لین دین اور حساب میں جلد بازی سے غلطیاں ہوسکتی ہیں۔ غیر ضروری اخراجات سے غصہ آیا کرے گا۔ تاہم تحمل مزاجی سے کام لیں۔ یہ وقت مشکلات کا باعث بنے گا۔ اگر کسی کھیل میں حصہ لے رہے ہیں تو جسمانی چوٹ لگ سکتی ہے۔ مریخ ۲، ۱۲، ۱۷، ۲۱، ۲۶، ۳۱ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ ان دنوں مکینکل اور ٹیکنیکل کام کروانا بہتر رہے گا۔ تاہم ۷، ۱۴، ۲۸ تاریخ کو محتاط رہیں جب کسی کے ساتھ جھگڑا یا حادثہ ہونے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔

۱۱ تاریخ کو شمس مشتری کی تسدیس ہے اگر آپ کسی اہم معاملات کے متعلق گفت شنید کی کوششیں کر رہے ہیں یا کسی اہم خط یا خبر کا انتظار ہے تو اب آپ کو مثبت نتائج کی توقع رکھنی چاہیے۔ بچوں کی صحت اور ان کی فلاح و بہبود سے متعلق اگر فکریں لاحق ہیں تو بھی اب جلد دور ہو جائیں گی۔ دراصل وہ تمام افراد جن کے بچے ہیں ان کے لئے یہ ماہ بے حد خوشگوار ثابت ہوگا۔

۲۷ تاریخ تک زہرہ طالع میں رہے گا۔ اس کی موجودگی کی وجہ سے شادی شدہ افراد کی ازدواجی زندگی مزید خوشگوار ہو جائے گی۔ غیر شادی شدہ افراد کو اس ماہ کسی اہم شخصیت سے ملنے کا موقع ملے گا۔ زہرہ ۹، ۱۴، ۱۹، ۲۴، ۲۹ تاریخ کو موافق نظرات قائم کرے گا۔ چنانچہ یہ تاریخیں ذاتی مصروفیت والے کام، سیر و تفریح، سوشل زندگی اور محبت کے معاملات کے لئے موافق ثابت ہوگی۔ اس ماہ آپ کو اپنے جذباتی جنون کو قابو کرنے کا موقع ملے گا آپ ایک سلیقہ شعار، آرٹسٹک سوچ رکھنے والے فرد ہیں۔ یہ وقت کپڑے خریدنے، گھریلو آرائش سے متعلق چیزیں خریدنے اور شخصیت کو بہتر بنانے کی طرف توجہ دینے کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ نیز یہ وقت زائد مقبولیت اور ہر دلعزیزی بھی لائے گا۔ وہ افراد جو کاروباری شراکت داری میں ملوث ہیں یہ اپنے شریک کی خوش بختی کے ذریعے فائدہ اٹھائیں گے۔

۱۷ تاریخ کو زہرہ مشتری کی تربیع ہوگی۔ اس دن کے نزدیک کاروباری معاملات، پیشہ وارانہ امور اور سرمایہ کاری کے لئے زیادہ بہتر مواقع حاصل نہ ہونگے۔ یہ ایسا وقت ہے کہ جب بغیر سوچے سمجھے اگر اپنی جائیداد یا روپے کو کسی جلد منافع دینے والی اسکیم میں لگایا تو فائدے کی امید نہ رکھیں۔ گھر والوں کے مطالبات بھی پریشانی کا سبب بنیں گے۔ شریک زندگی کے ساتھ تعلقات میں کوئی نہ کوئی بات ذہنی پریشانی کا سبب بنے گی۔

عطارد تیسرے گھر میں ۱۴ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ تحریری کام کے علاوہ نشر و اشاعت، پبلشنگ کے امور میں بہتری ملے گی۔ قریبی لوگوں کے ساتھ رابطے بہتر رہیں گے۔ مالی لین دین اور کاروباری معاملات میں اپنی مرضی کے مطابق آگے بڑھ سکیں گے۔ اس ماہ آپ اپنے اندر خود تبدیلی محسوس کریں گے۔ کام، کاروبار اور گھر کو بہتر کرنے کا فیصلہ بہتر رہے گا۔ سفر زائد ہونگے۔ تاہم جو بھی سفر ہونگے وہ لوگوں کے ذریعے فائدہ حاصل کرنے میں موافق ثابت ہونگے۔ رشتہ داروں کے ساتھ بہتر تعلقات قائم ہونگے۔ رابطے زائد ہونگے اور آنا جانا اور سوشل تقریبات میں زائد حصہ لیں۔ بہن بھائیوں کے زائد مطالبات کو آسانی سے حل کرسکیں گے۔ لکھنے لکھانے، تحریری کاموں میں باقوت سوچ کے ذریعے بہتر طریقے کا روضع کرسکیں گے۔ تعلیمی سرگرمیوں میں بھی آگے بڑھنا اور کچھ حاصل کرنے کی کوششیں کامیابی دے گی۔ عطارد ۴، ۱۴، ۱۸، ۲۲، ۲۶، ۳۱ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

اپنی مخفی قوتوں کو قابو میں لانا

رجوع ہمزاد

ہر انسان کے ساتھ اس کا ہمزاد پیدا ہوتا ہے۔ یہ اس کا مخفی جسم ہے۔ اس کو بذریعہ عمل یا ریاضت بطن ظاہری میں لایا جاتا ہے اور پھر اس سے عامل اپنے دنیاوی کاموں میں مدد لے سکتا ہے۔ اس جسم کے لئے وقت اور فاصلہ کوئی معنی نہیں رکھ سکتا۔ لہذا آن کی آن میں دور دراز سے خبریں لاسکتا ہے۔ وہاں سے چیزیں لانا۔ کوئی کام کرکے آجانا اس کیلئے منٹوں سیکنڈوں کا کام ہوتا ہے۔ دو شخصوں میں محبت یا دشمنی ڈالنا کسی جگہ کا نقشہ لانا۔ گم شدہ جانور یا آدمی یا دفینہ کا پتہ دینا۔ امراض کا علاج بتانا۔ پرانے واقعات کی کیفیت بہم پہنچانا اس کے لئے معمولی کام ہے۔ اس کتاب میں **بیس طریقے اور عملیات ہیں۔** اپنی ہمت کے مطابق انتخاب کرکے ہمزاد قابو میں کیا جاسکتا ہے۔

(قیمت =/۱۵۰ روپے)

اوراق پبلشرز کراچی

رسالہ روحانی دنیا کی اشاعت میں اضافہ آپ کا علمی و دینی فریضہ ہے

برج اسد۔ ستارہ شمس

حروف:۔ م

پیدائش:۔ جولائی ۲۴ تا اگست ۲۳

اس ماہ اکثر اسدی افراد کو مالی معاملات کی طرف بھرپور توجہ دینے پر مجبور ہونا پڑے گا۔ مالی معاملات میں لوگ غلط بیانی سے کام لیں گے۔

مریخ طالع میں رہے گا۔ چنانچہ یہ وقت جاہ طلب اور مہم جو قسم کے افراد کے لئے ترقی پذیر اور تیز رفتار ثابت ہوگا۔ طالع میں مریخ کی موجودگی کی وجہ سے آپ اپنے اندر زیادہ ہمت وقوت، جرات اور خود اعتمادی محسوس کریں گے اور پوری قوت سے عمل کرکے اپنے آپ کو آگے رکھ کر بہت کچھ حاصل کرسکیں گے۔ فی الحال جو چیز آپ کے نزدیک سب سے زیادہ اہمیت رکھتی ہے اس میں بے حد تسلی بخش ترقی کرسکیں گے۔ اس ماہ اہم اقدامات کے لئے ان دنوں کا انتخاب کریں جب مریخ سعد نظرات کے تحت ہو۔ مریخ ۲، ۱۲، ۱۷، ۲۱، ۲۶، ۳۱ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ لیکن جن دنوں مریخ غیر موافق نظرات کے تحت ہو ان دنوں کسی کو اس بات کا موقع نہ دیں کہ آپ کو جھگڑے یا بحث پر آمادہ کرسکے۔ مریخ ۷، ۱۴، ۲۸ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا۔

۱۱ تاریخ کو شمس مشتری کی تسدیس آپ کو ایسا مواقع فراہم کرے گی جس میں آپ اپنا مال اسباب ایسی اسکیموں میں لگا سکیں گے جس سے مستقل آمدنی حاصل ہوسکے۔ اگر خود کا ذاتی کاروبار ہے تو اس ماہ کی سرمایہ کاری آپ کو ایسا کرنے اور نئے معاہدے کرنے میں بے حد اہم ثابت ہوگی۔

زہرہ ۲۷ تاریخ تک زائچے کے بارہویں گھر میں موجود رہے گا۔ لہذا یہ وقت سماجی امور میں لوگوں کے ساتھ تعلقات بنانے میں مدد دے گا۔ ان لوگوں سے تعلقات کو بہتر بنا سکیں گے، جو کام میں رکاوٹیں ڈالتے ہیں۔ تحفہ تحائف دے کر قریبی افراد کو اپنا گرویدا کرلیں گے۔ غیر ضروری اخراجات سے واسطہ پڑے گا۔ مالی اور کاروباری امور میں معاہدات فائدہ دیں گے۔ اس ماہ سیر وتفریح کے لئے پروگرام بنائیں اور صحت کے معاملات کو بھی اہمیت دیں۔ یہ وقت ایسا ہے کہ اچانک کچھ نئے دوستوں کا اضافہ ہوگا یا پرانے دوست ملیں گے۔ ان کے ذریعے جو معلومات حاصل ہوگی وہ خوشی کا باعث ہونگی۔ وہ افراد جو فنون لطیفہ، تھیٹر اور آرٹسٹک سرگرمیوں میں ملوث ہیں انہیں لوگوں سے فائدہ اٹھانے کا موقع ملے گا۔ زہرہ ۹، ۱۴، ۱۹، ۲۴، ۲۹ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ ان دنوں سوشل تقریبات منعقد کرنی بہتر ثابت ہونگی۔

۱۷ تاریخ زہرہ مشتری کی تربیع ہوگی۔ یہ وقت خاص طور پر شراکت داری کے معاملات میں اختلافات کا باعث بنے گا۔ یعنی رشتہ داروں کے ساتھ یا بھائیوں کے ساتھ جو بھی کاروبار کررہے ہیں اس میں روپے کے معاملات اور ذرائع آمدن سے متعلق جھگڑا ہونے کا اندیشہ ہے اس کے علاوہ ذہن اور خیالات علیحدگی کی طرف بھی مائل ہونگے۔ اس دن کے نزدیک جو بھی کاروباری سرمایہ کاری یا معاہدہ کریں گے۔ وہ تحریری طور پر یا قانونی طور پر مکمل ہونا چاہئے ورنہ روپے کا نقصان ہوگا یا قریبی افراد موقع پر دھوکہ دے جائیں گے۔ غیر ضروری اخراجات سے گریز کریں۔

عطارد خانہ مال میں ۱۴ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ یہاں یہ آپ کی ذاتی مصروفیت کے کام، گروہی سرگرمی، ملاقاتیں، تعلیمی نوعیت کے امور اور سفر میں بہتری اور آسانی پیدا کرے گا۔ اس ماہ اپنے ذاتی کاموں سے متعلق امور سرانجام دیں۔ زائد سفر اور ملاقاتیں ہونگی۔ اگر آپ اپنا کاروبار کرتے ہیں تو اس وقت ترقی کرنے کے مواقع میسر آئیں گے۔ بااختیار افراد کے ساتھ ملاقاتیں کریں اور ان سے فائدہ اٹھائیں۔ ایسے افراد جو عرصہ سے اپنے عہدہ کی ترقی کی کوششوں میں لگے ہوئے ہیں۔ پروموشن کے معاملات کے لیے خود ملاقات کریں۔ اگر ملازمت کی پیشکش ہے تو وسط ماہ سے قبل ان امور کا جائزہ لینا بہتر رہے گا۔ اکاؤنٹ کا حساب چیک کریں۔ ہر کام تحریری کرنا بہتر رہے گا۔ اور اگر جائیداد خریدنا یا بیچنا چاہ رہے ہیں تو عطارد ۴، ۱۴، ۱۸، ۲۲، ۲۶، ۳۱ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ ان تاریخوں میں معاہدات کرنے بہتر رہیں گے۔

برج سنبلہ۔ ستارہ عطارد

حروف:۔ ب۔ غ

پیدائش:۔ اگست ۲۴ تا ستمبر ۲۳

اس ماہ کا آغاز کافی مصروفیت لائے گا۔ دوستوں آنا جانا اور گھر میں مہمان زائد آئیں گے اور سیر وتفریح کے مواقع میسر آئیں گے۔

عطارد طالع میں ۱۴ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ چنانچہ عطارد کی موجودگی آپ کے لئے پرلطف اور سرگرم وقت لائے گی۔ اپنے آپ کو جسمانی اور ذہنی دونوں لحاظ سے غیر معمولی طور پر سرگرم اور چست محسوس کریں گے۔ چنانچہ تھوڑے وقت میں آپ بہت کچھ حاصل کرسکیں گے۔ وہ افراد جو حال ہی میں روزمرہ کے معمولات کی وجہ سے بندھ سے گئے تھے۔ وہ یقیناً حالات میں بہتری دیکھیں گے گھر سے باہر نکلنے اور گھومنے پھرنے، نئے لوگوں سے تعلقات قائم کرنے اور نئی سرگرمیاں اختیار کرنے کے زائد مواقع میسر آئیں گے۔ وہ افراد جو اپنی صلاحیتوں یا تعلیم کو بہتر بنانا چاہتے ہیں ان کے لئے طالع میں عطارد کی موجودگی بے حد موافق ثابت ہوگی۔ عطارد ۴، ۱۴، ۱۸، ۲۲، ۲۶، ۳۱ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ لہذا نشر و اشاعت، سفر، سیر وتفریح، تحریرات اور ذاتی مقاصد

کی دلچسپیوں سے متعلقہ اہم معاملات کے لئے تاریخیں موافق ثابت ہونگی۔ ان دنوں مسائل کو حل کرنا آسان ہوگا۔ اگر ان دنوں کوئی انٹرویو دینا ہے یا کسی میٹنگ میں شرکت کرنی ہے تو موافق نتائج برآمد ہونگے۔ تاہم عطارد ۹، ۱۶، ۲۹ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ لہذا ان دنوں سفر، افواہیں اور غیر ضروری افراد آپ کا وقت ضائع کریں گے۔ ان دنوں ملاقاتیں یا پارٹیوں میں محتاط رویہ رکھیں۔

۱۱ تاریخ کو شمس مشتری کی تسدیس ہوگی جو آپ کو مکان یا گھر کی مرمت یا لین دین میں فائدہ دے گی۔ گھریلو زندگی میں اگرچہ جذباتی مشکلات کا سامنا رہا تھا، تو اب یہ مسئلے جلد دور ہو جائیں گے۔ وہ تمام معاملات جن کے ذریعے خاندانی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کا موقع ملے ان کے ذریعے خوشی میسر آئے گی۔ اگرچہ جائیداد کے معاملات میں زیادہ دلچسپی لیں گے۔ گھر تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو یہ وقت اس مقصد کے لئے موافق ثابت ہوگا۔

مریخ زائچے کے بارہویں گھر میں رہے گا۔ آپ کے اردگرد حاسدی افراد زبردست سرگرمی کا سبب بنیں گے۔ جس کی وجہ سے بعض اوقات غیر معمولی نوعیت کی تبدیلیوں اور پریشانیوں سے واسطہ پڑے گا مریخ ۷، ۱۴، ۲۸ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ ان دنوں لوگوں سے تکرار اور جھگڑے کا بھی خطرہ ہے۔ کیونکہ یہ آپ کی رائے سے اتفاق نہ کریں گے۔ تاہم ۲، ۱۲، ۱۷، ۲۱، ۲۶، ۳۱ تاریخیں پریشان کن قسم کے قریبی افراد سے نبٹنے کے لئے موافق ثابت ہونگی اور اگر اندر ہی اندر جو اختلاف اور غلط فہمیاں پریشان کر رہی ہیں انہیں دور کرنے کے لئے یہ وقت بہتر ثابت ہوگا۔ تاہم آپ کو حکمت عملی اور بے حد سوجھ بوجھ سے کام لینا ہوگا۔ کیونکہ کواکبی رجحانات بے حد دھماکہ خیز صورت کی نشاندہی کر رہے ہیں۔ انہیں بے حد محتاط رہنا چاہئے۔

۱۷ تاریخ کو زہرہ مشتری کی تربیع ہوگی۔ یہ وقت خاص طور پر ایسے تمام کام جن میں روپیہ کا لین دین، سرمایہ کاری، کاروباری معاہدات اور ابتدائی کاموں کو شروع کرنے کے لئے بہتر ثابت نہ ہوگا۔ کئی معاملات میں قانونی چارہ جوئی کرنی پڑے گی۔ گھریلو معاملات میں پریشانی اور اخراجات زیادہ ہونگے۔ سوشل تعلقات میں کسی شخص کی بات پر جھگڑا یا انا کا مسئلہ پیش آ سکتا ہے۔ بینک سے قرضہ کا حصول میں رکاوٹیں ملیں گی۔

